★★★ پاک سرزمین کا نظام ..... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED

DAILY QUWAT LAHORE

چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
لاہور

روزنامہ قوت

ایڈیٹر
امداد اللہ قریشی

www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 15 | جمعۃ المبارک 15 محرم الحرام 1447ھ، 11 جولائی 2025ء، 28 ساؤن 2082پ (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 234

محکمہ زراعت پراجیکٹس کے فیز ٹو کا آغاز، کسان کارڈ پر اسیسمنٹ فیس ختم، لون و سبسڈی کا ہدف پورا

فیز ٹو کے تحت 20 ہزار ٹریکٹر سبسڈی پر ملیں گے، 50 سے 65 ہارس پاور پر 5 لاکھ 75 سے 125 ہارس پاور تک 10 لاکھ روپے سبسڈی حکومت ادا کریگی

جولائی سے ہی ایم ماڈل ایگریکلچر مال فیز ٹو کا آغاز، فیصل آباد، جھنگ، اوکاڑہ، خانیوال، رائمن پور، وہاڑی، رحیم یار خان، شیخوپورہ، اٹک اور میانوالی میں ماڈل ایگریکلچر مال بنیں گے



لاہور: وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف محکمہ زراعت سے متعلق اہم اجلاس کی صدارت کررہی ہیں

لاہور (سٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے محکمہ زراعت کے پراجیکٹس کے فیز ٹو کے آغاز کی رسمی منظوری دے دی۔ کاشتکاروں کو فیز ٹو کے تحت 628000 کسان کارڈ کے ذریعے 100 ارب روپے کے لون دیے جائیں گے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے زراعت سے متعلق تصویری اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں ایم ایم ٹریکٹر پر انجنکشن فیز ٹو کی منظوری دی گئی۔ پنجاب ماڈل ایگریکلچر فراسٹرکچر مشین پروگرام کے تحت 500 منی ڈیم اور ایک لاکھ روپے سبسڈی حکومت ادا کریگی (بقیہ نمبر 4)

آصف علی زرداری کی صدارت کو کوئی خطرہ نہیں، پیپلز پارٹی کے بغیر یہ نظام نہیں چل سکتا، میاں منیر بانس

دبئی (این این آئی) صدر پاکستان پیپلز پارٹی گلف ونگ ایسٹ میاں منیر بانس نے کہا ہے کہ صدر مملکت آصف علی زرداری اس (بقیہ نمبر 2)

ایک فتنہ گرپ کا کام پروپیگنڈا اور فیک نیوز پھیلانا ہے، عظمیٰ بخاری

پی ٹی آئی کی پنجاب حکومت کسانوں کے نام پر گندم رکھوا کر پیسے کھانی رہی، پریس کانفرنس

لاہور (نیٹ نیٹ ڈیسک) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ ایک فتنہ گروپ کا کام پروپیگنڈا اور فیک نیوز پھیلانا ہے، وزیراعلیٰ مریم نواز کے دور کی کوئی بھی آڈٹ رپورٹ ابھی تک نہیں آئی، لاہور میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے صوبائی (بقیہ نمبر 3)



اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

پاکستان کی پانی کو بطور ہتھیار استعمال کرنے کی بھارتی کوششوں کی مذمت

پانی کو تقسیم کا ذریعہ نہیں بلکہ متحد کرنے والی قوت کے طور پر کام کرنا چاہیے، عثمان جدون

ہمارے خطے میں ایک ملک کی طرف سے پانی کو بطور ہتھیار استعمال کرنے کی کوشش

اقوام متحدہ (این این آئی) پاکستان نے 1960 کے سندھ طاس معاہدے (آئی وی ٹی) کو معطل کرکے اور 225 ملین سے زیادہ لوگوں کی زندگیوں کو خطرے میں ڈال کر پانی کو بطور ہتھیار استعمال کرنے کی بھارتی کوششوں کی مذمت کی ہے۔ اقوام متحدہ میں پاکستان کے نائب مستقل مندوب عثمان جدون نے اقوام متحدہ کی 2026 کی اہم آبی کانفرنس کی تیاری کے سلسلے میں منعقدہ اجلاس کے دوران کہا کہ پانی کو تقسیم کا ذریعہ نہیں بلکہ متحد کرنے والی قوت کے طور پر کام کرنا چاہیے۔انہوں نے کہا (بقیہ نمبر 8)

بجلی چوری میں ملوث ڈسکوز کے 591 ارب کا بوجھ ڈالا، وزیر توانائی

بجلی چوری صرف غریب آدمی نہیں کرتا، بڑی بڑی صنعتیں، فرنس آئل پلانٹس بھی بجلی چوری میں ملوث ہیں

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیر توانائی اویس لغاری نے کہا ہے کہ ڈسکوز نے 24-2023ء میں 591 ارب کے نقصانات کا بوجھ ڈالا، اگر یہ نقصانات نہ ہوتے تو ٹیرف کا قرضہ اتارنے میں آسانی ہوتی، پوری حکومت اور کابینہ نے معاملے پر شدید تحفظات کا اظہار کیا۔ پریس کانفرنس کرتے (بقیہ نمبر 10)



لاہور: صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق ٹاؤن ہال میں حلقہ پی پی 158 میں ترقیاتی منصوبوں کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

سعودی وزارت حج کے خلاف وردی کی مرکب کہنیوں کے ذمہ داران سے وضاحت طلب کرلی

ریاض (این این آئی) سعودی وزارت حج وعمرہ کی تفتیشی کمیٹی نے زائرین کی رہائش کے حوالے سے مقررہ قوانین کی خلاف ورزی (بقیہ نمبر 11)

امریکی صدر نے شون ڈی کو ساسا کا قائم مقام برہ مقرر کردیا

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ژانپور ٹیشن سیکرٹری شون (بقیہ نمبر 12)

صدر زرداری سے استعفیٰ لینے آرمی چیف صدر بننے کی تجویز غور نہیں، نقوی

چیف آف آرمی اسٹاف کی واحد توجہ پاکستان کی طاقت اور استحکام پر ہے اور کسی چیز پر نہیں، وزیر داخلہ کا بیان



کوئٹہ: وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی جمعیت علماء اسلام کے مرکزی سیکرٹری جنرل مولانا عبیداللہ خدیدی سے ملاقات کررہے ہیں

فلسطین کا عالمی برادری سے اسرائیلی جارحیت روکنے کے لیے موثر اقدام کا مطالبہ

غزہ کے بعد اب مغربی کنارے میں بھی اسرائیلی مظالم میں اضافہ ہو رہا ہے، وزارت خارجہ

رام اللہ (این این آئی) فلسطین نے بین عالمی برادری سے اسرائیلی جارحیت روکنے کے لیے موثر (بقیہ نمبر 13)

چیف جسٹس خانگی معاملات میں فریقوں کی اپیلیں سپریم کورٹ میں نہیں آنی چاہئیں

نجی عدالتیں معاوضہ طے کردیں تو معاملہ ختم ہونا چاہیے، جسٹس یحییٰ آفریدی کے کیس کی سماعت کے دوران ریمارکس

چھوٹے بچے کے لیے 25 ہزار ماہانہ خرچہ بہت زیادہ ہے۔ عدالت نے ماہانہ خرچہ 25 ہزار مقرر کرنے کے فیصلے کے خلاف اپیل مسترد کردی

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ میں مختلف عائلی مقدمات کے دوران چیف جسٹس پاکستان یحییٰ آفریدی نے اہم ریمارکس دیے ہیں۔ چیف جسٹس پاکستان یحییٰ آفریدی نے کہا کہ خانگی امور میں معاوضوں کی ادائیگی کی اپیلیں سپریم کورٹ میں نہیں آنی چاہئیں، نجی عدالتیں معاوضہ طے کردیں تو معاملہ ختم ہونا چاہیے۔ چیف جسٹس یحییٰ آفریدی نے ریمارکس دیے کہ معاوضوں کی ادائیگی کی رقم میں سپریم کورٹ نہیں پڑے گی۔ وزخواستگزار کے وکیل نے کہا کہ چھوٹے بچے کے لیے 25 ہزار ماہانہ خرچہ بہت زیادہ ہے۔ عدالت نے ماہانہ خرچہ 25 ہزار مقرر کرنے کے فیصلے کے خلاف اپیل مسترد (بقیہ نمبر 16)

جولوگ احتجاج کیلئے نکلیں گے دھر لیے جائیں گے، رانا ثناء اللہ

پاکستان خوشحالی، ترقی کی طرف بڑھ رہا ہے، عدم استحکام روکنے کیلئے ہر اقدام اٹھائیں گے، انٹرویو

لاہور (این این آئی) وزیر قانون پنجاب رانا ثناء اللہ نے کہا ہے کہ جو لوگ احتجاج کیلئے نکلیں گے دھر لیے جائیں گے، پاکستان خوشحالی (بقیہ نمبر 9)



خطبہ میں معاون خصوصی کی ادائیگی کی اپیل سپریم کورٹ میں نہیں آنی چاہئیں

کھوئے، مال بردار ریل پٹری سے اتر گئی

جموں (این این آئی) بھارت کے زیر قبضہ جموں و کشمیر کے ضلع کھوئے میں شدید بارش اور لینڈ سلائیڈنگ کے دوران ایک مال بردار ریل پٹری سے اتر گئی۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق یہ واقعہ کھوئے کے علاقے بھرمور ریل سیکشن پر پیش آیا۔ (بقیہ نمبر 15)

امریکی ریاست ٹیکساس میں سیلاب سے اموات بڑھ کر 120 ہوگئیں

واشنگٹن (این این آئی) امریکی ریاست ٹیکساس میں جاں لیوا سیلاب کے باعث اموات بڑھ کر 120 ہوگئیں۔ حکمہ عرب امارات کی (بقیہ نمبر 14)

پاکستان کا یمن کے طویل بحران پر گہری تشویش کا اظہار

اقوام متحدہ (این این آئی) پاکستان نے یمن کے طویل بحران پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کشیدگی کو کم کرتے ہوئے جامع مذاکرات کے ذریعے سیاسی، انسانی اور معاشی واقتصادی (بقیہ نمبر 15)

پنجاب بھر میں مون سون شجر کاری مہم کیلئے تیاریاں مکمل

فی ایکڑ 40 ہزار شیشم و شہتوت، 20 ہزار سمبل و سریس کی افزائش کی گئی ہے

مہم کیلئے مقامی درختوں کی لاکھوں اقسام کی افزائش مکمل ہو چکی ہے سینئر وزیر مریم اورنگزیب

آسام، ہندو انتہا پسندوں نے مسجد کے احاطے میں سور کا گوشت پھینک دیا، علاقے میں کشیدگی

گوہاٹی (این این آئی) بھارتی ریاست آسام میں ہندو انتہا پسندوں نے ایک مسجد کے احاطے میں سور کا گوشت پھینکا جس پر علاقے میں کشیدگی پھیل گئی ہے۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق (بقیہ نمبر 18)

بلاول بھٹو زرداری عالمی سطح پر پاکستان کی باوقار آواز بن چکے ہیں، شرجیل میمن

بھٹو ازم صرف ایک نعرہ نہیں بلکہ ایک جامع سیاسی، سماجی اور معاشی نظریہ ہے، سینئر صوبائی وزیر

بھٹو ازم صرف ایک نعرہ نہیں بلکہ ایک جامع سیاسی، سماجی اور معاشی نظریہ ہے

کراچی (این این آئی) سینئر صوبائی وزیر شرجیل انعام میمن نے کہا ہے کہ بلاول بھٹو زرداری عالمی سطح پر پاکستان کی باوقار آواز بن چکے ہیں۔ (بقیہ نمبر 20)



بدوگورنر پنجاب سلیم حیدر خان سے میئر منی ڈی اے محمد علی رحداد ملاقات کررہے ہیں

چیئرپرسن وزیراعلیٰ پنجاب کا ڈی مونٹ مورنسی کالج آف ڈینٹسٹری لاہور کا دورہ

کالج کا دورہ کرنے کی بنیادی مہم ادارے کو درپیش کئی دہائیوں کی پیچیدہ مسائل اور وسائل کے بارے میں معلومات حاصل کرنا ہے، کنگھم

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ہدایت پر چیئرپرسن وزیراعلیٰ پنجاب (بقیہ نمبر 19)



بھرپور موسلا دھار بارشیں، نشیبی علاقے بجلی کا نظام درہم برہم، 9 جاں بحق، 6 متعدد زخمی

ملک بھر میں موسلا دھار بارشیں، نشیبی علاقے زیر آب، نظام درہم برہم، 5 جاں بحق، متعدد زخمی

گلی محلوں میں کئی کئی فٹ پانی کھڑا ہوگیا، کئی مقامات پر بارش کا پانی گھروں، مارکیٹوں میں داخل شاہراہیں پانی میں ڈوبنے سے گاڑیاں، موٹر سائیکلیں بند ہوتی رہیں، ٹریفک کا نظام درہم برہم رہا

آزاد کشمیر بھنگ بلتستان میں شدید بارشوں کے باعث ندی نالوں میں طغیانی، سیلابی صورتحال پیدا ہوگئی

بلوچستان کے متعدد اضلاع میں بھی گرج چمک کے ساتھ بارش کا سلسلہ جاری ہے آزاد کشمیر بھنگ بلتستان میں شدید بارشوں کے باعث ندی نالوں میں طغیانی، سیلابی صورتحال پیدا ہوگئی

گلگت شہروں میں مون سون کے طوفانی سیلاب کا سلسلہ جاری ہے جس کے باعث ظلم (بقیہ نمبر 28)

روس پاکستان قدرتی اتحادی سمجھتا ہے، دونوں ملکوں کے تعلقات بڑھائیں گے، روسی نائب وزیراعظم

ملاقات میں پاکستان، ازبکستان، روس ریلوے منصوبہ اور کارگو ٹرین کی اہمیت پر زور دیا گیا، روس کے نائب وزیراعظم نے پاکستان سے تعاون بڑھانے کے عزم کا اظہار کیا

پاکستان روس کو عالمی استحکام کیلئے اہم ملک سمجھتا ہے، ملاقات میں پاکستان اسٹیل ملز سے متعلق جاری بات چیت کو تاریخی اہمیت کا حامل ہے: خارجہ فاطمی

اتحادی سمجھتا ہے۔ وزیراعظم کے معاون خصوصی برائے خارجہ طارق فاطمی اور بارون اختر کی روسی نائب وزیر (بقیہ نمبر 30)

سپیکر پنجاب اسمبلی نے 26 معطل ارکان کے خلاف نااہلی ریفرنس پر کارروائی کا آغاز کردیا

لاہور (سٹاف رپورٹر) سپیکر پنجاب اسمبلی ملک احمد خان نے 26 معطل ارکان اسمبلی کے خلاف آئینی اور قانونی کارروائی کا آغاز کردیا ہے (بقیہ نمبر 29)

جمعیت علماء اسلام جموں و کشمیر ملک کی نظریاتی سرحدوں کی محافظ ہے

جمعیت علماء اسلام آئندہ الیکشن میں بھرپور تیاری سے میدان میں اترے گی

اسلام آباد (پی این این) جمعیت علماء اسلام جموں و کشمیر ملک کی نظریاتی سرحدوں کی محافظ ہے، جمعیت علماء اسلام پارلیمانی سیاست پر یقین رکھتی ہے، مولانا قاری محمد جہانگیر تشخیری و دیگر کا خطاب

اسلام آباد اور راولپنڈی (پی این این) جمعیت علماء اسلام جموں و کشمیر ملک کی نظریاتی سرحدوں کی محافظ ہے جمعیت علماء اسلام پارلیمانی سیاست پر یقین رکھتی ہے کشمیری جمعیت علماء اسلام جموں (بقیہ نمبر 31)

مقبوضہ جموں و کشمیر: حریت کانفرنس نے "یوم شہدائے کشمیر" پر ہڑتال کی کال دیدی

کشمیری بھارتی سازشوں کو ناکام بنانے اور شہداء کے مشن کی تکمیل کیلئے پرعزم ہیں، ترجمان

سری نگر (این این آئی) بھارت کے زیر قبضہ جموں و کشمیر میں کل جماعتی حریت کانفرنس نے 13 جولائی کو "یوم شہدائے کشمیر" کے موقع پر علاقے میں مکمل ہڑتال کی کال دی ہے۔ (بقیہ نمبر 22)



سردار عبدالقیوم خان کو ان کی 10 ویں برسی کے موقع پر زبردست خراج عقیدت پیش کیا گیا

اسلام آباد (پی این این) آزاد جموں و کشمیر کے سابق صدر، وزیراعظم سردار عبدالقیوم (بقیہ نمبر 24)

مودی حکومت کی مزدور دشمن پالیسیوں کے خلاف ہڑتال کے باعث کاروبار زندگی معطل

نئی دہلی (پی این این) بھارت میں مودی کی زیر قیادت بھارتیہ جنتا پارٹی حکومت (بقیہ نمبر 25)

پنجاب انفورسمنٹ ریگولیٹری اتھارٹی کا آج لاہور ڈویژن میں آپریشنز کا آغاز

اتھارٹی منافع خوری، قیمتوں میں غیر قانونی ردوبدل کی روک تھام، ضروری اشیاء کی ذخیرہ اندوزی کا سدباب کریگی

غیر قانونی تجاوزات کا خاتمہ، سرکاری و عوامی زمینوں سے ناجائز قابضین کو بے دخل کرنا بھی ذمہ داریوں میں شامل ہوگا

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت آج (جمعہ) 11 جولائی سے لاہور ڈویژن میں پنجاب انفورسمنٹ اینڈ ریگولیٹری اتھارٹی کا باقاعدہ آغاز کررہی ہے جس کے باعث ظلم و ستم اور منافع خوری، ذخیرہ اندوزی اور مصنوعی مہنگائی کو بے رحمی سے کچلا جائے گا۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کا ایکسپینڈڈ لاہور میں افتتاحی تقریب کی مہمان خصوصی ہوں گی جہاں وہ پنجاب پبلک سروس کمیشن کے زیر بے دخل ہونے والے 400 سے انفورسمنٹ اینڈ ریگولیٹری اتھارٹی کے ہیڈ کوارٹر کا افتتاح کریں گی۔ یہ افسران اس وقت پنجاب پولیس ٹریننگ سینٹر چونگ (بقیہ نمبر 26)

لاہور ہائیکورٹ 100 سال سزا پانے والے مجرم کی اپیل خارج

عمر قید کی سزا 25 سال ہوگی، پندرہ برس سزا کاٹنے کے بعد ملزم سزا معافی کی اپیل دائر کرنے کا حقدار ہو جاتا ہے

ملزم کو کم از کم 60 برس سزا کاٹنے کے بعد اپیل کا حق ہوگا، عدالت کا تحریری فیصلہ

لاہور (پی این این) لاہور ہائیکورٹ نے قتل کے مقدمے میں 100 سال سزا پانے والے مجرم کی اپیل خارج کردی۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس اجہر رفیق نے مجرم صفیر حسین کی درخواست پر 11 صفحات پر مشتمل تحریری فیصلہ جاری کردیا۔ جسٹس اجہر رفیق نے فیصلے میں لکھا کہ مجرم صفیر حسین نے اپنی رہائی کیلئے ایک مرتبہ پھر عدالت کا دروازہ کھٹکھٹایا، درخواست گزار نے ملزم صفیر حسین کی درخواست پر 1989ء مطابق دو



لاہور: ایڈیشنل آئی جی انوسٹی گیشن پنجاب شہزاد سلطان سنٹرل پولیس آفس میں ویڈیو لنک اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

روزنامہ قوت لاہور
ہفت روزہ میگزین

سٹی نیوز

یو ای ٹی لاہور نے ملحقہ قائداعظم کالج آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی سابیوال کا پہلا کانووکیشن

وائس چانسلر ڈاکٹر شاہد منیر کی خصوصی شرکت، اٹھائیس طلباء کو اسناد اور فرخنوں سے نوازا

لاہور (خبر نگار) یو ای ٹی لاہور کے ملحقہ قائداعظم کالج آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی، سابیوال میں پہلے کانووکیشن کا انعقاد کیا گیا۔ کانووکیشن میں سول انجینئرنگ ڈیپارٹمنٹ سیشن 2021 سے 39 طلباء وطالبات کو اعزازی میڈلز اور اسناد سے نوازا گیا۔ وائس چانسلر یو ای ٹی ڈاکٹر شاہد منیر نے کانووکیشن میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی اور طلباء میں اسناد اور اعزازی میڈلز تقسیم کیے۔ ڈاکٹر شاہد منیر نے اپنے خطاب میں قارغ التحصیل ہونے والے طلباء کو مبارکباد دی اور ان کی کامیابیوں کو سراہا۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ نوجوان انجینئر زملک کی تعمیر وترقی میں اپنا کلیدی کردار ادا کرتے ہوئے ملک کو ترقی کی منزل تک لے جائیں گے۔ تقریب میں یو ای ٹی لاہور کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر نوید رمضان چٹھہ، رجسٹرار محمد آصف، کنٹرولر امتحانات محمد ضرغام نصرت اور ڈین کیمیکل، مٹیلرجیکل اینڈ مینیجر انجینئرنگ ڈاکٹر نوید رمضان شامل تھے۔ دیگر معزز مہمانوں میں وائس چانسلر یونیورسٹی آف سابیوال ڈاکٹر جاوید اختر، پرنسپل گورنمنٹ گریجویٹ کالج سابیوال ڈاکٹر ممتاز احمد، پرنسپل گورنمنٹ امامیہ ایسوسی ایٹ کالج محمد شہزاد رفیق، پرنسپل ڈی پی ایس ایٹ کالج بہاولنگر شفیق احمد، چیف انجینئر محکمہ آبپاشی سابیوال انجینئر نعمان بیگ، ایگزیکٹو انجینئر ایریل پی ڈی سی او سابیوال انجینئر ظہ ویشان افضل، ایگزیکٹو انجینئر محکمہ اوڈین انجینئر عمر ابرار اور بے ایس بیچ لاہور کے بزنس ہیڈ وسیم ارشاد شامل تھے۔



واٹلائف ریجز نے بروقت کارروائی کر کے کانی دار طوطوں کی اسمگلنگ کی کوشش ناکام بنا دی

ملزم کو شہریوں سے بینک کے طے شدہ نرخ پر فروخت کیلئے نوسر باز لایا تھا، 22 زندہ طوطے برآمد



کامیاب کوشش کے نتیجے میں واٹلائف ریجنر ڈی خان ریجن نے بروقت کارروائی کر کے کانی دار طوطوں کی اسمگلنگ کی کوشش ناکام بنا کر ایک ملزم گرفتار کر لیا اور اس کے قبضے سے 22 زندہ گانی دار طوطے برآمد کیے گئے قدرتی ماحول میں آزاد کر دیے اور ملزم کو پہلی 15 ہزار روپے جرمانہ عائد کیا۔ تفصیل کے مطابق ڈپٹی چیف واٹلائف ریجنر ڈی خان ریجن محمد جویریہ سرور کی ہدایات پر واٹلائف ریجنر نے فوری کارروائی کرتے ہوئے کچہ پکڑ ایک ملزم کو موقع پر گرفتار کر لیا اور اس کے قبضے سے 22 زندہ طوطے برآمد کر لیے اور واٹلائف ایکٹ کی خلاف ورزی پر چالان مرتب کر کے 15 ہزار روپے جرمانہ عائد کیا۔ ملزم نے جرمانہ کی ادائیگی کے بعد طوطے قدرتی ماحول میں آزاد کر دیے۔

لاہور: مختلف علاقوں میں بارش کا سلسلہ جاری۔ کمشنر لاہور زید بن مقصود/ ہدایات جاری

لاہور کے علاقے قبائی والا تالاب میں 123 ایم ایم بارش ریکارڈ ہوچکی ہے۔ تیز بارش کا سلسلہ جاری ہے۔ کمشنر لاہور ڈویژن



ڈویژنل کمشنر پریس ایڈوائزر ڈویژنل کمشنر لاہور کا سلسلہ جاری رہا۔ چیف آفیسر واسا/ایم ڈی ٹی ایم اے، ایم ای پی ایچ ای ڈی کمپنی کے حکام، ٹریفک انتظامیہ کے اعلیٰ افسران اور ریسکیو حکام بھی موجود رہے۔ کمشنر لاہور نے کہا کہ ایئرپورٹ سے ملحقہ علاقوں اور لیں روڈ پر پانی کھڑا نہیں ہونا چاہیے۔ کمشنر لاہور نے ہدایات دیتے ہوئ

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
''روزنامہ قوت لاہور'' (3) 11 جولائی 2025ء

ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی کا اہم اجلاس

اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو رائے ذوالفقار علی، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل شاہد کھوکھر، اسسٹنٹ کمشنر عطیہ عنائیت، ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر ریسکیو 1122 محمد اکرم پنوار کے علاوہ دیگر محکموں کے افسران بھی شریک تھے



ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راو کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی کا اہم اجلاس ڈی سی کمیٹی روم میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو رائے ذوالفقار علی، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل شاہد کھوکھر، اسسٹنٹ کمشنر عطیہ عنائیت، ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر ریسکیو 1122 محمد اکرم پنوار کے علاوہ دیگر محکموں کے افسران بھی شریک تھے۔ متعلقہ افسران کی ممکنہ سیلاب سے بچاو کے پیشگی انتظامات، جنگلات کو آگ سے بچاو کے حفاظتی اقدامات کے بارے میں ڈپٹی کمشنر کو بریفنگ دی۔ ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راو نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ متعلقہ ادارے ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے ہر دیہات میں 20 افراد پر مشتمل کمیٹیاں قائم کریں جن دیہاتوں میں سیلاب کا زیادہ خطرہ ہے وہاں پر سائرن لگوائے جائیں، تمام پٹرول پمپس پر لینڈ لائن نمبرز لگوائے جائیں، میونسپل کمیٹیز، پولیس اور ٹیچرز کو ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے تربیت دی جائے۔ ضلع میں کم از کم 08 سے 10 ہزار تربیت یافتہ افراد ہونے چاہئیں۔ انہوں نے کہا کہ متعلقہ ادارے سیلاب میں استعمال ہونے والی مشینری کو فی الفور ٹھیک کروائیں اور سیلابی ایریاز میں تجاوزات کو فوری طور پر ہٹایا جائے، بندوں اور پشتوں کو مضبوط کیا جائے۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ دریائی بیلٹ کے سکولوں اور تجاوزات کا اسسٹنٹ کمشنرز خود جائزہ لیں اور ریلیف کیمپس قائم کرنے کے لیے تیاریاں مکمل رکھیں۔ انہوں نے کہا کہ نالہ ڈیک سمیت تمام ڈرینز کی صفائی کو فوری طور پر مکمل کیا جائے اور تمام ہسپتالوں میں سانپ سے کاٹنے سمیت دیگر ضروری ادویات موجود ہونی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ لائیو سٹاک ڈیپارٹمنٹ جانوروں کے چارے اور ادویات کا بندوبست یقینی بنائے اور مون سون میں نکاسی آب یقینی بنانے کے لیے تمام ادارے تیاریاں مکمل رکھیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ پانی کے ضیاع کی روک تھام سے متعلق آگاہی مہم کو موثر انداز میں چلایا جائے تاکہ پانی کے ذخیرہ کو محفوظ کیا جاسکے۔

ڈسٹرکٹ ریویو کمیٹی برائے ڈویلپمنٹ کا ہفتہ وار اجلاس منعقد ہوا

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈسٹرکٹ ریویو کمیٹی برائے ڈویلپمنٹ کا ہفتہ وار اجلاس منعقد ہوا۔ ڈپٹی کمشنر چنیوٹ صفی اللہ گوندل نے صدارت کی۔ اجلاس میں ضلع میں جاری ترقیاتی پروگرامز پر عملدرآمد کا جائزہ لیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر نے عوامی بہبود کے منصوبوں کی بروقت تکمیل یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ انہوں نے ڈسٹرکٹ کمپلیکس، ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹرز ہسپتال، چنیوٹ فیصل آباد روڈ کے جاری کاموں کا بھی جائزہ لیا اور شفافیت کو ملحوظ خاطر رکھنے کی ضرورت پر زور دیا۔

عوام کو بہتر سفری سہولیات کی فراہمی کے لئے پنجاب حکومت کا بڑا اقدام

موجودہ مالی سال میں ضلع ساہیوال میں سڑکوں اور پلوں کی تعمیر کے 3 نئے میگا پروجیکٹ شروع کئے جائیں گے

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) عوام کو بہتر سفری سہولیات کی فراہمی کے لئے پنجاب حکومت کا بڑا اقدام موجودہ مالی سال میں ضلع ساہیوال میں سڑکوں اور پلوں کی تعمیر کے 3 نئے میگا پروجیکٹ شروع کئے جائیں گے، پراجیکٹس کی تعمیر سے ہزاروں مسافروں کو براہ راست ملے گا۔ تفصیلات کے مطابق پنجاب حکومت نے نئے مالی سال کے سالانہ ترقیاتی پروگرام میں ضلع ساہیوال میں ذرائع آمدو رفت میں بہتری کے لیے تین میگا پروجیکٹس شامل کئے ہیں جن میں پیپ سے اہم ساہیوال شہر سے گزرنے والی اولڈ جی ٹی روڈ کی تعمیر نو اور اسے ون وے کرنا ہے۔ اس سڑک کی موجودہ خستہ حالت سے شہر میں آنے اور جانے والی ٹریفک شامل ہے جس میں سے ساہیوال، پاکپتن اور بہاولنگر کے اضلاع سے فیصل آباد اور اسلام آباد جانے والے مسافروں کو آسانی ہوگی۔ نئے مالی سال کے بجٹ میں سیمبر ریلوے پھاٹک پر اوور ہیڈ برج کی تعمیر بھی شامل کی گئی ہے

ذاتی و جماعتی مفادات کے لیے کی گئی آئینی ترامیم حکمرانوں کے گلے کا پھندا بنیں گی: سید آفتاب عظیم بخاری

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) پاکستان فلاح پارٹی کے سینئر وائس چیئرمین سید آفتاب عظیم بخاری نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ آئین پاکستان کی روح پر عمل کئے بغیر ملکی معاملات نہیں سدھر سکتے ذاتی و جماعتی مفادات کے لیے کی گئی آئینی ترامیم حکمرانوں کے گلے کا پھندا بنیں گی حکمران بادشاہت کا اعلان کر دیں بلاوجہ جمہوریت کا نام بدنام نہ کریں عوام کی حیثیت انکی نظر میں کیا ہے وہ بجلی کے ظالمانہ یونٹ سلیب سسٹم سے پتا چل گیا ہے چینی کے کھیلے مافیا کی جیت کا اعلان ہیں عوام کی دہائی انکے سامنے بے وقعت ہے اداروں کو مینیج کرنے کے بعد ☓☓ یوٹیوب چینلز ☓☓ کو بند کرنیکا مطلب واضح ہے کہ یہاں وہی چلے گا جو بادشاہ سلامت سننا چاہیں گے بدانتظامی کی اس سے زیادہ بدترین مثال اور کوئی نہیں ہوسکتی کہ اپوزیشن کے احتجاج پر انہیں ریفرنس کے ذریعے ڈی سیٹ کر دیا جائے اور بندر بانٹ کے ذریعے حاصل کی گئی نشستوں کے اراکین کو ان کے رکن نہ ہونے والے وقت کی بھی تنخواہیں دے دی جائیں ملک آئی ایم ایف سمیت مالیاتی اداروں کے قرضوں پر چل رہا ہے اور ہمارے سیاستدان ملکی خزانے پر ہاتھ صاف کرنے کیلئے روزنئی سکیمیں اور کمیٹیاں بنا رہے ہیں اقتدار سے نکلنے کے بعد نہ ختم ہونے والی کرپشن داستانیں شروع ہو جائیں گی اور قوم اسی طرح گرداب میں پھنسی رہے گی

ملکی معاشی ترقی کے اہداف کے حصول کیلئے حکومت بھرپور کردار ادا کر رہی ہے

ناقدین قومی مفادات کو پیش نظر نہیں الزام تراشی سے انہیں کچھ حاصل نہیں ہوگا: میاں خالد محمود

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) انتظام پاکستان پارٹی کے مرکزی جنرل سیکرٹری صابق صوبائی وزیر میاں خالد محمود نے کہا ہے کہ ملکی معاشی ترقی کے اہداف کے حصول کیلئے حکومت بھرپور کردار ادا کر رہی ہے ناقدین قومی مفادات کو پیش نظر نہیں الزام تراشی سے انہیں کچھ حاصل نہیں ہوگا پاکستانی باشعور قوم حکومتی جدوجہد سے باخوبی آگاہ ہے اور میاں شہباز شریف کی معیشت کی بحالی کی کوششوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے ان شاء اللہ جلد درپیش تمام بحرانوں کا مکمل خاتمہ ہوگا اور پاکستان پائیدار ترقی سے ہمکنار ہونے سمیت بیرونی دنیا میں تیز تر ترقی کرنے والے ملک کے طور پر سامنے آئے گا، ہم عوامی خدمت کیلئے پرعزم ہیں اور پارٹی قیادت کی ہدایت پر حکومتی اقدامات کی عملداری کی خاطر بھرپور کردار ادا کر رہے ہیں یہ کاوشیں ہرگز رائیگاں نہیں جائیں گی، بیرونی دنیا کا پاکستان پر اعتماد بڑھ رہا ہے سرمایہ کاری کا فروغ اس کا واضح ثبوت ہے حکومتی اقدامات سے معیشت میں بہتری، روپے کی قدر میں اضافہ اور مہنگائی میں کمی آنا شروع ہو چکی ہے حکومت نے اقتدار سنبھالتے ہی واضح کر دیا تھا کہ پی ٹی آئی نے اپنے دور اقتدار میں ملکی معیشت کا جو حشر کیا اسے دوبارہ اپنے پاؤں پر کھڑا کرنے کیلئے وقت لگے گا

موسمیاتی تبدیلیوں سے بچاؤ کیلئے شجرکاری کیجیے۔ذیشان امتیاز

درخت زندگی ہیں درخت قیمتی سرمایہ ہیں۔الیکٹریکل انجینئر



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) 13 جولائی شکار مالک میں شامل ہے۔ درختوں میں نیم ایک خاص درخت ہے جو 55 ڈگری تک گرمی اور 10 ڈگری تک سردی برداشت کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ ایک 12 فٹ اونچا درخت اتنی ٹھنڈک پیدا کرتا ہے جتنے تین ایئر کنڈیشنر مل کر کرتے ہیں۔ سب سے اہم بات یہ ہے کہ نیم کا درخت رات کے وقت بھی آکسیجن خارج کرتا ہے۔ درخت زندگی ہیں درخت قیمتی سرمایہ ہیں۔

کمشنر گوجرانوالہ سید نوید حیدر شیرازی کی زیر صدارت ڈویژنل انوائرمنٹ اپروول کمیٹی کا اجلاس

اجلاس میں مختلف پراجیکٹس کے کیسز کو ڈسکس کیا گیا اور ان میں پیٹرول پمپ، پولٹری فارم، ہسپتال وغیرہ پراجیکٹس شامل ہیں



گوجرانوالہ (نوید بخاری قوت بیورو) کمشنر گوجرانوالہ و گجرات ڈویژن سید نوید حیدر شیرازی کی زیر صدارت ڈویژنل انوائرمنٹ اپروول کمیٹی گوجرانوالہ و گجرات کا اجلاس منعقد ہوا جس میں مختلف پراجیکٹس کے کیسز کو ڈسکس کیا گیا اور ان میں پیٹرول پمپ، پولٹری فارم، ہسپتال وغیرہ پراجیکٹس شامل ہیں۔ اسسٹنٹ کمشنر جنرل، ڈپٹی ڈائریکٹر ماحولیات سلمان اسلم مینیجر بزنس فیسلیٹیشن سنٹر میڈم قرۃ العین، انسپکٹر ماحولیات غلام مرتضیٰ بھٹی اور گجرات ڈسٹرکٹ سے ڈپٹی ڈائریکٹر نے اجلاس میں شرکت کی۔ اجلاس میں گوجرانوالہ و گجرات ڈویژن سے پیٹرول پمپ اور ہسپتال کا کیس منظوری کے لیے پیش کیے گئے اور انکی جانچ پڑتال کرنے کے بعد انکو این او سی جاری کرنے کے احکامات جاری کیے گئے۔ کمشنر سید نوید حیدر شیرازی نے انوائرمنٹ ڈیپارٹمنٹ کے افسران کو ہدایت کی کہ اس فیصلے میں پیش کئے جانے والے تمام کیسز کی جانچ پڑتال کے لیے خود موقع پر جا کر تمام پہلوؤں سے جائزہ لیا جائے اور این او سی جاری کرتے ہوئے تمام بلڈنگ مالکان سے انڈر ٹیکنگ لی جائے کیونکہ بلا اجازت نقشے میں کسی قسم کی تبدیلی کی صورت میں این او سی کینسل کر دیا جائے گا انہوں نے مزید کہا کہ ضابطہ اخلاق پر پورا اترنے والوں کو ہی این او سی جاری کئے جائیں گے

کمشنر ملتان عامر کریم خاں نے گزشتہ روز تحصیل میاں چنوں کا تفصیلی دورہ کیا،

کمشنر نے دورے کے دوران ماڈل غلہ و فروٹ منڈی کا معائنہ کیا جہاں انہیں منصوبے کی موجودہ صورتحال پر بریفنگ دی گئی



میاں چنوں (تحصیل رپورٹر) کمشنر ملتان عامر کریم خاں کا میاں چنوں تحصیل کا تفصیلی دورہ، ماڈل منڈی، اراضی ریکارڈ سنٹر، ہسپتال، کالج و دیگر مقامات کا جائزہ، تفصیلات کے مطابق کمشنر ملتان عامر کریم خاں نے گزشتہ روز تحصیل میاں چنوں کا تفصیلی دورہ کیا، ان کے ہمراہ ڈاکٹر فہمی سلیمان، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو خالد عباس سیال، اسسٹنٹ کمشنر ساجدہ رزاق تحصیلدار رانا عدیل اور دیگر افسران بھی موجود تھے۔ کمشنر نے دورے کے دوران ماڈل غلہ و فروٹ منڈی کا معائنہ کیا جہاں انہیں منصوبے کی موجودہ صورتحال پر بریفنگ دی گئی۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ پنجاب ایگریکلچر مارکیٹنگ ریگولیٹری اتھارٹی کے تحت ماڈل منڈی کو جلد کنٹرول کیا جائے گا اور کسانوں کو تمام تر سہولیات فراہم کی جائیں گی۔ کمشنر نے کہا کہ دکانوں کی تعمیر میں یوٹیلٹی فراہمی کی ضروریات کا خاص خیال رکھا جائے گا جبکہ بجلی کنکشن کی فراہمی میں بھی تیزی لائی جائے گی، بعد ازاں کمشنر نے اراضی ریکارڈ سنٹر کا دورہ کیا اور شہریوں کو دی جانے والی ریونیو سروسز کا تفصیل سے جائزہ لیا۔ سائلین سے براہ راست معلومات لے کر سروس معیار کا اندازہ لگایا۔ کمشنر عامر کریم خاں گورنمنٹ گریجوایٹ کالج فار بوائز میں بھی گئے جہاں انہوں نے طلباء میں لیپ ٹاپ کی تقسیم کی تقریب میں شرکت کی، انہوں نے کہا کہ طلباء ہماری قیمتی دولت ہیں، ان کی جانوں کی حفاظت اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے تجرکاری مہم کے تحت طلباء کے ساتھ پودے بھی لگائے اور ماحولیاتی شعور بیدار کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ کمشنر نے بتایا کہ حکومت پنجاب کو پودے لگانے کے لیے ایسٹیمیٹو اسکیم تجویز کی جارہی ہے، بعد ازاں کمشنر نے ٹی ایچ کیو ہسپتال میاں چنوں کا تفصیلی دورہ کیا، جہاں انہوں نے طبی سہولیات، ادویات کی دستیابی، صفائی اور وارڈز کی صورتحال کا جائزہ لیا۔ انہوں نے مریضوں کی عیادت کی اور ان سے براہ راست سہولیات سے متعلق معلومات حاصل کیں۔ کمشنر نے ہدایت دی کہ مریضوں کو ادویات ہسپتال کی فارمیسی سے ہی فراہم کی جائیں۔

بیداری سیالکوٹ میں خواتین کی مالی شمولیت پر تربیتی سیشن کا کامیاب انعقاد

خواتین کی بااختیاری کی طرف ایک اور عملی اقدام ہے۔حناء نورین ایڈووکیٹ



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) بیداری تنظیم کے زیر اہتمام بیداری آفس، روڈس میں "مالی شمولیت" کے موضوع پر ایک روزہ تربیتی سیشن منعقد کیا گیا۔ اس تربیتی نشست کا مقصد خواتین کو مالی معاملات میں بااختیار بنانا، ان کے اندر کاروباری اعتماد پیدا کرنا، اور مالی فراڈ سے بچاؤ کے بارے میں شعور بیدار کرنا تھا۔ یہ تربیت انٹرنیشنل ٹیلی کمیونیکیشن یونین (ITU) کی نمائندہ محترمہ صبحت بخاری نے دی، جنہوں نے شرکاء کو آسان اور قابل عمل طریقوں سے "کمیونٹی سیونگ" (اجتماعی بچت)، کاروباری منصوبہ بندی، اعتماد سازی، مالی تحفظ اور جعلی اسکیموں و فراڈ سے بچنے کے اہم نکات پر مفصل آگاہی فراہم کی۔ ریسورس پرسن صبغت بخاری نے خواتین کو بتایا کہ کس طرح مقامی سطح پر کمیونٹی سیونگ گروپس تشکیل دے کر مشترکہ طور پر بچت کی جا سکتی ہے، اور کس طرح چھوٹے پیمانے پر کاروبار کا آغاز ممکن ہے۔ انہوں نے شرکاء کو روزمرہ مالی فیصلوں میں خود مختاری حاصل کرنے کے لیے عملی تجاویز بھی کروائیں۔ تربیت میں شامل 65 خواتین شرکاء نے نہایت دلچسپی کے ساتھ تمام سرگرمیوں میں حصہ لیا، سوالات کیے اور اپنے تجربات بھی شیئر کیے۔ شرکاء نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ اس طرح کی تربیت ان کے لیے نہایت مفید ثابت ہوئی ہے، اور اب وہ اپنی مالی زندگی کو بہتر انداز میں منظم کرنے کے قابل ہو گئی ہیں۔

ڈپٹی کمشنر ساہیوال شاہد محمود نے زیر تعمیر ماڈل ایگریکلچر مال کا دورہ کیا

تعمیراتی معیار پر کوئی مجموعہ نہیں کیا جائے گا اور منصوبہ اعلیٰ معیار کے مطابق مکمل کیا جائے گا



ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) ڈپٹی کمشنر ساہیوال شاہد محمود نے زیر تعمیر ماڈل ایگریکلچر مال کا دورہ کیا اور منصوبے پر جاری کام کا تفصیلی جائزہ لیا۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ تعمیراتی کام کو بلا تاخیر مکمل کیا جائے تاکہ کسان جلد اس منصوبے سے مستفید ہو سکیں۔ انہوں نے کہا کہ تعمیراتی معیار پر کوئی مجموعہ نہیں کیا جائے گا اور منصوبہ اعلیٰ معیار کے مطابق مکمل کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب حکومت کسانوں کی فلاح و بہبود کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے اور ایگری مال کی تعمیر انہی کوششوں کا تسلسل ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ماڈل ایگریکلچر مال کی تکمیل سے کاشتکاروں کو ایک ہی چھت تلے معیاری زرعی ادویات، کھاد اور بیج میسر ہوں گے، جو زرعی پیداوار میں اضافے اور کسانوں کی مشکلات کے ازالے میں مددگار ثابت ہوگا۔ اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل احمد مغل، اے ڈی سی فنانس اینڈ پلاننگ رانا اورنگزیب، ایکسین بلڈنگ فتح محمد وٹو، ڈپٹی ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ محمد اکرم وٹو، ڈائریکٹر زراعت چوہدری شہباز اختر اور ڈپٹی ڈائریکٹر ڈاکٹر طاہر جاوید بھی ان کے ہمراہ موجود تھے۔ ایکسین بلڈنگ فتح محمد وٹو نے تعمیراتی کام کی موجودہ صورتحال پر تفصیلی بریفنگ بھی دی۔

ڈی ایس پی لیگل کلیم اللہ کی زیر نگرانی تفتیشی افسران کے لیے خصوصی تربیتی کورس کا انعقاد کیا گیا

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈی ایس پی لیگل کلیم اللہ کی زیر نگرانی تفتیشی افسران کے لیے خصوصی تربیتی کورس کا انعقاد کیا گیا۔ ایک روزہ تربیتی کورس میں ضلع اوکاڑہ کے مختلف تھانوں سے تعلق رکھنے والے 20 تفتیشی افسران نے شرکت کی۔ تربیت کا مقصد ریڈ نوٹس اور بین الاقوامی سطح پر مفرور ملزمان کی گرفتاری کے قانونی طریقہ کار سے افسران کو آگاہ کرنا تھا۔ ماسٹر ٹرینر انسپکٹر رانا محمد امین خاں ایس ایچ او تھانہ صدر رینالہ خورد نے کورس کے دوران ریڈ نوٹس کے اجراء، انٹرپول سے تعاون، قانونی پیچیدگیوں، اور ملزمان کی غیر ملکی حوالگی (Extradition) کے مراحل پر تفصیلی روشنی ڈالی۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ بین الاقوامی سطح پر مفرور مجرمان کی گرفتاری کے لیے متعلقہ قوانین کا ادراک اور بروقت قانونی کارروائی بے حد ضروری ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ تربیت یافتہ تفتیشی افسران نہ صرف بین الاقوامی سطح پر اشتہاری مجرمان کی واپسی کو ممکن بنا سکتے ہیں بلکہ پاکستان کے امیج کو بھی بہتر بنا سکتے ہیں۔

بیداری سیالکوٹ میں خواتین کی مالی شمولیت پر تربیتی سیشن کا کامیاب انعقاد

خواتین کی بااختیاری کی طرف ایک اور عملی اقدام ہے۔حناء نورین ایڈووکیٹ

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) بیداری تنظیم کے زیر اہتمام بیداری آفس، روڈس میں "مالی شمولیت" کے موضوع پر ایک روزہ تربیتی سیشن منعقد کیا گیا۔ اس تربیتی نشست کا مقصد خواتین کو مالی معاملات میں بااختیار بنانا، ان کے اندر کاروباری اعتماد پیدا کرنا، اور مالی فراڈ سے بچاؤ کے بارے میں شعور بیدار کرنا تھا۔ یہ تربیت انٹرنیشنل ٹیلی کمیونیکیشن یونین (ITU) کی نمائندہ محترمہ صبحت بخاری نے دی، جنہوں نے شرکاء کو آسان اور قابل عمل طریقوں سے "کمیونٹی سیونگ" (اجتماعی بچت)، کاروباری منصوبہ بندی، اعتماد سازی، مالی تحفظ اور جعلی اسکیموں و فراڈ سے بچنے کے اہم نکات پر مفصل آگاہی فراہم کی۔ ریسورس پرسن صبغت بخاری نے خواتین کو بتایا کہ کس طرح مقامی سطح پر کمیونٹی سیونگ گروپس تشکیل دے کر مشترکہ طور پر بچت کی جا سکتی ہے، اور کس طرح چھوٹے پیمانے پر کاروبار کا آغاز ممکن ہے۔ انہوں نے شرکاء کو روزمرہ مالی فیصلوں میں خود مختاری حاصل کرنے کے لیے عملی تجاویز بھی کروائیں۔ تربیت میں شامل 65 خواتین شرکاء نے نہایت دلچسپی کے ساتھ تمام سرگرمیوں میں حصہ لیا، سوالات کیے اور اپنے تجربات بھی شیئر کیے۔ شرکاء نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ اس طرح کی تربیت ان کے لیے نہایت مفید ثابت ہوئی ہے، اور اب وہ اپنی مالی زندگی کو بہتر انداز میں منظم کرنے کے قابل ہو گئی ہیں۔

ایڈیشنل کمشنر کوارڈینیشن ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی کا بارش کے فوری بعد شہر کے مختلف علاقوں کا دورہ

بارش کے پانی کی نکاسی کے انتظامات کا جائزہ، بازاروں سے مکمل نکاسی تک عملہ فیلڈ میں موجود رہے



ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) ایڈیشنل کمشنر کوارڈینیشن ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی کا بارش کے فوری بعد شہر کے مختلف علاقوں کا دورہ، بارش کے پانی کی نکاسی کے انتظامات کا جائزہ، بازاروں سے مکمل نکاسی تک عملہ فیلڈ میں موجود رہے۔ ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی۔ تفصیلات کے مطابق ایڈیشنل کمشنر کوارڈینیشن ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی نے بارش کے فوراً بعد صدر بازار، دیپالپور بازار، جوگی چوک اور مال منڈی چوک کا دورہ کیا اور بارش کے پانی کی نکاسی کے انتظامات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے مون سون سیزن کے دوران مشینری اور عملے کو ہائی الرٹ رہنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ بارش کے پانی کی فوری نکاسی یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے کہا کہ انتظامیہ بارش کے دوران الرٹ ہے اور نکاسی کے اقدامات جاری ہیں۔ انہوں نے دورے کے دوران نکاسی آب کے انتظامات پر اطمینان کا اظہار کیا۔

کئی گھنٹے شدید بارش سے ہر طرف پانی پانی چاول کی پنیری کو نقصان پہنچا کئی گھنٹے بجلی بند 10 گھنٹوں بعد بھی بحال نہ ہوئی

شہر اور گرد و نواح میں تین گھروں کی چھتیں گر گئیں خاتون جاں بحق بچی سمیت تین افراد زخمی

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) کئی گھنٹے شدید بارش سے ہر طرف پانی پانی ہو گیا ندی نالوں میں طغیانی نہروں میں خوفناک صورتحال قائم گھروں اور دوکانوں میں پانی داخل ہو گیا کھیتوں میں میں اور دھلو چاول کی پنیری ضائع ہو گئی جنے سنکھ والا میں مکان کی چھت گرنے سے خاتون بشیراں بی بی جاں بحق بچی لائبہ سمیت دو افراد زخمی ہو گئے خادم سٹریٹ اور محلہ محمد پورہ میں مکانوں کی چھتیں گرنے سے بزرگ سیٹھ اسلم زخمی ہو گیا گرڈ اسٹیشن کے قریب سٹی فیڈر کے مین پول گرنے سے بجلی کا نظام درہم برہم ہو گیا لیسکو کی جدوجہد سے مختلف فیڈر بحال جبکہ سٹی فیڈر 10 گھنٹے بعد بھی بحال نہ ہو سکا شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا مساجد اور گھروں میں پانی ختم ہو گیا۔

شہریوں کو صاف ستھرا ماحول فراہم کرنا ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے: ڈپٹی کمشنر شاہد محمود

متعلقہ اداروں کی بھی ذمہ داری ہے کہ وہ باہمی تعاون اور موثر کوآرڈینیشن سے صفائی کے نظام کو مزید بہتر بنائیں

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) ڈپٹی کمشنر شاہد محمود نے کہا ہے کہ شہریوں کو صاف ستھرا ماحول فراہم کرنا ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے لیکن متعلقہ اداروں کی بھی ذمہ داری ہے کہ وہ باہمی تعاون اور موثر کوآرڈینیشن سے صفائی کے نظام کو مزید بہتر بنائیں۔ وہ یہاں اپنے دفتر میں صفائی اور ریسورج کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے تھے۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل نیاز احمد مغل، اے ڈی سی فنانس رانا اورنگزیب سمیت دیگر متعلقہ محکموں کے افسران نے بھی شرکت کی۔ اجلاس میں ساہیوال واٹر اینڈ سینی ٹیشن سروسز کمپنی نے صفائی کی مجموعی صورتحال پر تفصیلی بریفنگ دی جس میں یونین کونسل سطح پر صفائی، ڈور ٹو ڈور کلیکشن، مشینری کی دستیابی اور روزانہ جمع ہونے والے ویسٹ کی مقدار جیسے نکات شامل تھے۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ صفائی کے نظام کو جدید خطوط پر استوار کرنے کے لیے ڈیجیٹل نگرانی، شکایات کے فوری ازالے اور ہیومن ریسورس مینجمنٹ جیسے پہلوؤں پر خاص توجہ دی جا رہی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ہیلپ لائن 1139 کو مکمل فعال کیا جائے اور شکایات کے اندراج اور ازالے کے لیے آن گراؤنڈ ٹیموں کو متحرک رکھا جائے۔ دریں اثنا ضلع بھر میں آوارہ کتوں اور ڈاگ بائٹ کیسز کا بھی تفصیلی جائزہ لیا گیا جہاں انہوں نے واضح کیا کہ انسانی جانوں کا تحفظ اولین ترجیح ہے اور ضلع کونسل، میونسپل کارپوریشن اور محکمہ صحت یونین کونسل کی سطح پر ٹیمیں تشکیل دیکر آوارہ کتوں کا تدارک ہر صورت یقینی بنائیں اور روزانہ کی بنیاد پر اپنی کارکردگی رپورٹ جمع کروائیں۔ اجلاس میں ڈاگ بائٹ کیسز اور آوارہ کتوں کے تدارک کیلئے انسدادی اقدامات پر بھی تفصیلی غور کیا گیا۔

رائیونڈ: ایل ڈبلیو ایم سی بارشوں میں مکمل ناکام، شہری سراپا احتجاج

ترقیاتی فنڈز اور متعدد بار اعلانات کے باوجود لاہور ویسٹ مینجمنٹ کمپنی (ایل ڈبلیو ایم سی) اور مقامی انتظامیہ نکاسی آب کے مؤثر اقدامات کرنے میں مکمل طور پر ناکام رہی ہے



رائیونڈ (تحصیل رپورٹر عبدالرزاق سید سے) حالیہ بارشوں کے بعد رائیونڈ شہر کی گلیوں، بازاروں اور رہائشی علاقوں میں پانی جمع ہو گیا ہے، جس کے باعث نظام زندگی مفلوج ہو کر رہ گیا ہے۔ لاکھوں روپے کے ترقیاتی فنڈز اور متعدد بار اعلانات کے باوجود لاہور ویسٹ مینجمنٹ کمپنی (ایل ڈبلیو ایم سی) اور مقامی انتظامیہ نکاسی آب کے مؤثر اقدامات کرنے میں مکمل طور پر ناکام رہی ہے۔ شہر کے متعدد علاقوں میں کئی کئی فٹ پانی کھڑا ہے، جس سے نہ صرف ٹریفک کا نظام درہم برہم ہو گیا بلکہ شہریوں کو گھروں سے باہر نکلنا بھی محال ہو چکا ہے۔ مقامی دکانداروں اور رہائشیوں نے شدید غم و غصے کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ہر سال بارشوں میں یہی صورتحال پیدا ہوتی ہے، لیکن ایل ڈبلیو ایم سی اور ٹی ایم اے کے افسران محض کاغذی کاروائیوں اور تصاویر بنانے تک محدود رہتے ہیں۔ کسی قسم کا عملی حل نظر نہیں آتا۔ شہریوں نے وزیراعظم میاں شہباز شریف اور وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے دردمندانہ اپیل کی ہے کہ رائیونڈ کے پرانے، ٹوٹ پھوٹ کا شکار سیوریج نظام کو فی الفور جدید طرز پر دوبارہ تعمیر کیا جائے تاکہ عوام کو ہر سال بارشوں میں اس اذیت سے نہ گزرنا پڑے۔ علاقہ مکینوں کا کہنا ہے کہ اگر یہی صورتحال رہی تو شہر میں جلد ہی وبائی امراض پھیلنے کا خدشہ ہے، کیونکہ سیوریج کا پانی پینے کے صاف پانی میں مل رہا ہے اور مچھروں کی بہتات بڑھتی جا رہی ہے۔ یاد رہے کہ رائیونڈ شہر وزیر اعظم شہباز شریف کا حلقہ انتخاب بھی رہ چکا ہے، اس کے باوجود ترقیاتی منصوبے محض وعدوں کی حد تک محدود ہیں۔ رائیونڈ میں نکاسی آب کا نظام جدید مشینری کے ساتھ بحال کیا جائے سیوریج لائنوں کی مکمل ریپلیسمنٹ کی جائے مستقل بنیادوں پر صفائی و نگرانی کا نظام متعارف کروایا جائے مقامی نمائندے اور انتظامیہ جواب دہ بنائی جائے جبکہ دوسری طرف انتظامیہ کی جانب سے اس سنگین صورتحال پر کوئی مؤثر ردعمل یا عملی حکمت عملی تاحال سامنے نہیں آسکی۔



کرتار پور روڈ ستھرا پنجاب کا علاقہ ہونے کی بجائے دریائے سندھ کے علاقے کا منظر پیش کرنے لگا

مین جی ٹی روڈ اور پورے علاقے میں 3 سے 4 فٹ پانی ہر وقت کھڑا ہونا معمول بن چکا ہے

مریدکے (تحصیل رپورٹر) ضلع شیخوپورہ کی تحصیل مریدکے کا علاقہ شہزاد ٹاؤن کرتار پور روڈ ستھرا پنجاب کا علاقہ ہونے کی بجائے دریائے سندھ کے علاقے کا منظر پیش کرنے لگا جہاں عرصہ دراز سے گلیاں بازار اور مین جی ٹی روڈ دریا کا منظر پیش کرتا نظر آتا ہے مین جی ٹی روڈ اور پورے علاقے میں 3 سے 4 فٹ پانی ہر وقت کھڑا ہونا معمول بن چکا ہے لوگ نقل مکانی پر مجبور ہو چکے ہیں بلڈنگیں پانی سے تباہ ہو رہی ہیں کاروبار بند ہو گئے بچے روزانہ سکول جانے کے لیے مشکلات کا شکار ہیں تعلیم سے محروم ہوتے یہ بچے کسی مسیحا کے منتظر ہیں پانی ہر وقت کھڑے ہونے کے باعث ڈینگی کی افزائش میں اضافہ ہو چکا ہ

DAILY QUWAT
ایڈیٹوریل
quwateditorial786@gmail.com
نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

پاکستان ایک قوم ہے

تحریر: وجاہت مسعود

پاکستان میں ایک عمومی رویہ پایا جاتا ہے کہ ہم اپنے پیشہ ورانہ اور تخصیصی شعبوں سے ہٹ کر ان معاملات میں بھی رائے زنی کرتے ہیں جن سے ہمارا تعلق نہیں ہوتا۔ اصل میں اسے بھی ہمارے جمہوری تجربے کے اتار چڑھاؤ کا ایک ناگزیر نتیجہ سمجھنا چاہیے۔ غیر جمہوری یا آمرانہ معاشروں میں فیصلہ سازی کا دائرہ محدود اور من مانا ہونے سے بنیادی نقصان یہ ہوتا ہے کہ قوم مختلف امور پر بہترین پیشہ ورانہ رائے سے محروم ہو جاتی ہے۔ سینٹ کے حالیہ اجلاس میں محترم پرویز رشید نے ایک نہایت دانش مندانہ نکتہ اٹھایا۔

ان کے الفاظ تھے۔ 'جب تک ہم پاکستان کے تمام شہریوں سے مساوی سلوک نہیں کریں گے، جب تک ریاست پاکستان میں رہنے والے ہر شہری کو ایک آنکھ سے نہیں دیکھے گی اور ایک جیسی توجہ پاکستان کے ہر شہری کو نہیں دے گی تو (قوم میں) تفریق موجود رہے گی'۔ محترم پرویز رشید کے ارشادات مجھے 12 مارچ 1949ء کو دستور ساز اسمبلی میں قائد حزب اختلاف سریش چندر چٹوپادھیائے کی تاریخی تقریر تک لے گئے۔ انہوں نے کہا تھا 'ہم اس بات پر یقین رکھتے ہیں کہ پاکستان کے عوام مسلم یا غیر مسلم ایک ہی قوم پر مشتمل ہیں اور یہ کبھی پاکستانی ہیں.... میں کہتا ہوں کہ عوام میں مسلم اور غیر مسلم میں تفریق کو ختم کیجئے اور آیئے خود کو ایک ہی قوم کہلوائیں۔ ہم خود کو ایک ہی قوم یعنی پاکستان کے عوام کہلوائیں'۔ پرویز رشید اور سریش چندر چٹوپادھیائے کی تقاریر کا ذکر یہاں اس لیے چلا آیا کہ کوئی دو مہینے پہلے ایک ریاستی اہلکار نے پاکستانی قوم کے مختلف گروہوں کے مذہبی تشخص پر خیال آرائی فرمائی۔

پیشہ ورانہ طور پر متعلقہ اہلکار سے اس موضوع پر اظہار خیال کی توقع ہی نہیں کی جاتی۔ دوسرے یہ کہ غالباً پاکستان کے باشندوں کی اکثریت نے آئین کی شق 25 نہیں پڑھی جس میں پاکستان کے تمام شہریوں کو ہر طرح کے امتیاز سے تحفظ کی ضمانت دی گئی ہے۔ قائداعظم نے 11 اگست 1947 نکو پاکستان کی ترقی کا جو نسخہ بتایا تھا، اگرچہ اس کا ذکر اب بہت سے عناصر پر گراں گزرتا ہے۔ تاہم یہ حقیقت اپنی جگہ موجود ہے کہ ہم پاکستان میں زبان، عقیدے اور ثقافت وغیرہ کی بنیاد پر دیواریں کھڑی کر کے ایسی قوم تعمیر نہیں کر سکتے جو اپنی داخلی توانائی کی بنیاد پر معیشت، علم اور تمدن میں ترقی کی راہیں تراش سکتی ہو۔ قائداعظم نے 11 اگست 1947 نکو پاکستان کی ترقی کا جو نسخہ بتایا تھا، اگرچہ اس کا ذکر اب بہت سے عناصر پر گراں گزرتا ہے۔ تاہم یہ حقیقت اپنی جگہ موجود ہے کہ ہم پاکستان میں زبان، عقیدے اور ثقافت وغیرہ کی بنیاد پر دیواریں کھڑی کر کے ایسی قوم تعمیر



نہیں کر سکتے جو اپنی داخلی توانائی کی بنیاد پر معیشت، علم اور تمدن میں ترقی کی راہیں تراش سکتی ہو۔

قیام پاکستان کے بعد بہت سے ایسے عناصر اس ملک میں فیصلہ سازی بلکہ حکمرانی کے دعویدار ہو گئے جن کا تحریک آزادی سے کوئی تعلق نہیں تھا۔ اگرچہ مولانا حسین احمد مدنی، مفتی کفایت اللہ دہلوی، مولانا احمد سعید دہلوی، مولانا محمد سجاد بہاری اور مولانا حفظ الرحمٰن جیسے حریت پسندوں کی عزیمت سے کون انکار کر سکتا ہے لیکن یہ بھی حقیقت ہے کہ قیام پاکستان کے بعد جو قومی تشخص مرتب کرنے کی کوشش کی گئی اس کا مطالبہ پاکستان سے کوئی تعلق نہیں تھا۔ آیئے کچھ اعداد و شمار دیکھتے ہیں۔ ہم سب جانتے ہیں کہ 30 اپریل 1947 نکو ہندوستان کی دستور ساز اسمبلی کے صدر راجندر پرشاد نے ایک اخباری انٹرویو میں پنجاب اور بنگال کی تقسیم کا مطالبہ کیا تھا۔ اس کے جواب میں قائداعظم محمد علی جناح نے 4 مئی 1947ء کو دہلی سے ایک بیان جاری کیا تھا

جس میں پنجاب اور بنگال کی تقسیم کی مخالفت کی گئی تھی۔ قائداعظم کے بیان کا حرف بہ حرف متن موجود ہے اور اس سے کچھ بہت اہم زمینی حقائق برآمد ہوتے ہیں۔ 1941 اس کے جواب میں قائداعظم محمد علی جناح نے 4 مئی 1947ء کو دہلی سے ایک بیان جاری کیا تھا جس میں پنجاب اور بنگال کی تقسیم کی مخالفت کی گئی تھی۔ قائداعظم کے بیان کا حرف بہ حرف متن موجود ہے اور اس سے کچھ بہت اہم زمینی حقائق برآمد ہوتے ہیں۔ نکی مردم شماری کے مطابق بنگال کی کل آبادی 6 کروڑ تھی جس میں مسلمانوں کی تعداد 3 کروڑ 30 لاکھ یعنی 54 فیصد تھی۔

46 فیصد بنگالی غیر مسلم تھے جنہیں قائداعظم پاکستان کا حصہ بنانا چاہتے تھے

اسی ماخذ کے مطابق پنجاب کی کل آبادی 3 کروڑ 40 لاکھ تھی۔ 2.53 فیصد پنجابی مسلمان تھے جبکہ ہندو، سکھ اور دیگر غیر مسلم آبادی تقریباً 47 فیصد تھی۔ قائداعظم بنگال اور پنجاب کی تقسیم نہیں چاہتے تھے اور تبادلہ آبادی بھی تقسیم کی کسی تجویز کا حصہ نہیں تھا۔ گویا قائداعظم کے تجویز کردہ پاکستان میں پنجاب کی 47 فیصد اور بنگال کی 46 فیصد آبادی کو غیر مسلم ہونا تھا۔

قائداعظم کے مجوزہ پاکستان میں بنگال اور پنجاب ہی بڑے صوبے تھے۔ سندھ کی ساڑھے 48 لاکھ میں غیر مسلم آبادی کا تناسب 28 فیصد تھا۔ صوبہ سرحد میں البتہ مسلم آبادی 97 فیصد تھی لیکن صوبہ سرحد کی سیاست کا نقشہ ہی بالکل مختلف تھا۔ قائداعظم جس پاکستان کا مطالبہ کر رہے تھے اس کو سامنے رکھا جائے تو ایک مسلم اکثریتی قومی ریاست سامنے آتی ہے

جسے مساوات اور رواداری کے اصولوں کی روشنی میں سیاسی اور معاشی حقوق دیے بغیر نئی قوم کی تعمیر ممکن نہیں تھی۔ پاکستان کو معاشی اور جغرافیائی طور پر کمزور کرنے کے لیے کانگرس نے پنجاب اور بنگال کی تقسیم کا اشغلہ چھوڑا تھا اور اس تقسیم کے نتیجے میں قائداعظم پاکستان کو 'کٹا پھٹا'، 'مسخ شدہ' اور 'دیمک زدہ' پاکستان قرار دیتے تھے۔

اب درویش یہ نوحہ کہاں بیان کرے کہ آج کے پاکستان کی قانونی، سیاسی اور تمدنی سمت متعین کرنے کے دعویداروں میں سے ایک مرحوم نے مطالبہ پاکستان کی مخالفت کرتے ہوئے لکھا تھا،

"یہ بات قابل ذکر ہے کہ مسلم لیگ کے کسی ریزولیوشن اور لیگ کے ذمہ دار لیڈروں میں سے کسی کی تقریر میں آج تک یہ بات واضح نہیں کی گئی کہ ان کا آخری طمح نظر پاکستان میں اسلامی نظام حکومت قائم کرنا ہے۔

برعکس اس کے ان کی طرف سے بصراحت اور بتکرار اظہار کیا گیا ہے کہ ان کے پیش نظر ایک ایسی جمہوری حکومت ہے جس میں دوسری غیر مسلم قومیں بھی حصہ دار ہوں مگر اکثریت کے حق کی بنا پر مسلمانوں کا حصہ غالب ہو۔ مگر اکثریت کے حق کی بنا پر مسلمانوں کا حصہ غالب ہو۔ بالفاظ دیگر ان کو مطمئن کرنے کے لیے صرف اتنی بات کافی ہے

کہ ہندو اکثریت کے تسلط سے وہ صوبے آزاد ہو جائیں جہاں مسلمانوں کی اکثریت ہے۔ باقی رہا نظام حکومت تو وہ 'پاکستان' میں بھی ویسا ہی ہوگا، جیسا ہندوستان میں ہوگا۔" یہ الگ قصہ ہے کہ ان صاحب نے قیام پاکستان کے بعد یہ کہنا شروع کر دیا کہ مسلم لیگ نے تو پاکستان میں مذہبی پیشوائیت کا وعدہ کیا تھا۔

یا الٰہی یہ ماجرا کیا ہے؟

تحریر: یاسر پیرزادہ

عجیب گھن چکر ہے۔ ملک میں موسلا دھار بارشیں ہو رہی ہیں، مون سون اپنے عروج پر ہے، شمالی علاقوں میں سیلاب آیا ہوا ہے مگر اِس سب کے باوجود پاکستان میں پانی کی قلت ہے۔ جی جی، معلوم ہے کہ ہم پانی ذخیرہ نہیں کرتے، لاکھوں کیوسک فٹ پانی بحیرہ عرب میں پھینک کر ضائع کر دیتے ہیں، ہمارا نہری نظام پرانا ہو چکا ہے، زراعت میں جدّت لانے کی ضرورت ہے، زیرِ زمین پانی کی سطح روز بروز نیچے جا رہی ہے۔ یہ تمام باتیں اپنی جگہ درست ہوں گی مگر یہ حقیقت پھر بھی ہضم نہیں ہو پا رہی کہ دنیا میں پانی کی قلت کے شکار ممالک میں پاکستان کا تیسرا نمبر کیسے ہے! یہ ایسا ہی گھن چکر ہے کہ زمین اپنے محور پر بھی گھوم رہی ہے اور سورج کے گرد بھی چکر لگا رہی ہے مگر ہمیں احساس نہیں ہو پاتا۔ سائنس دان سے پوچھو تو وہ بتاتا ہے کہ دراصل زمین کی گردش یکساں رفتار سے ہے اِس لیے ہمیں پتا نہیں چلتا۔ اوکے، مان لیا، مگر پھر ہمیں ہوائی جہاز میں اُڑ کر سفر کرنے کی کیا ضرورت ہے، کسی فضائی غبارے میں بیٹھ کر انتظار کیوں نہیں کرتے کہ جب زمین گھومے گی تو لاس اینجلس میں اتر جائیں گے۔ اِس کا جواب یہ ملتا ہے کہ نہیں، دراصل زمین کے ساتھ اُس کی فضا بھی اسی رفتار سے گھوم رہی ہے اِس لیے جہاز بھی زمین کے ساتھ ہی گھومنا شروع کر دیتا ہے۔ غالب نے اسی موقع کے لیے کہا تھا کہ یا الٰہی یہ ماجرا کیا ہے۔ اور سائنس دان ہمیں یہ بھی بتاتے ہیں کہ کائنات ابھی نا تمام ہے، روز بروز یہ پھیل رہی ہے، اِس کا مطلب یہ ہوا کہ ہماری، زمین، سورج، چاند، ستارے، سیارے، اِن میں سے کچھ اجسام ساکت ہیں تو کچھ گھوم رہے ہیں مگر کائنات پوری پھیل رہی ہے۔ بندہ پوچھے کہ یہ کیسے ممکن ہے؟ اِس کا جواب ملتا ہے

کہ دراصل وہ پھیلاو؟ کہکشاو؟ں کے درمیان ہوتا ہے اِس لیے زیادہ 'فیل' نہیں ہوتا، اور کہکشائیں چونکہ لاکھوں نوری سال کے فاصلے پر ہیں اور پھیلاو؟ کی رفتار کافی کم ہے اِس لیے ہم تک کائنات کی کوئی 'حرکت' نہیں پہنچتی۔ کوئی ایک معمہ ہو تو بات بھی ہے، ہمیں تو آج تک 'پائی' کا معمہ بھی سمجھ میں نہیں آیا جو غالباً ساتویں جماعت میں پڑھایا گیا تھا کہ دائرے کے محیط کو اگر اُس کے قطر پر تقسیم کریں تو جو حاصل ہوگا اُسے پائی کہیں گے لیکن مصیبت یہ ہے کہ جو حاصل ہوتا ہے وہ ختم نہیں ہوتا، دنیا کا کوئی کمپیوٹر آج تک اِس پائی کا حساب نہیں رکھ سکا تو ہم کس کھیت کی مولی ہیں۔ کسی ریاضی دان سے پوچھیں گے تو وہ بتائے گا کہ کیسے اِس نمبر میں دنیا جہان کے پاس ورڈ اور بینک اکاو؟نٹ نمبر پوشیدہ ہیں اور کسی کاہن سے پوچھیں گے تو وہ دعویٰ کرے گا کہ یہ پُراسرار ہندسہ دراصل ترتیبِ الٰہی کو ظاہر کرتا ہے۔ 'زندگی کیا ہے عناصر میں ظہور ترتیب، موت کیا ہے انہیں اجزا کا پریشاں ہونا'

یہ جتنے معمے میں نے بیان کیے ہیں دراصل اِن میں سے کوئی بھی معمہ نہیں۔ مجھ ایسا بندہ اِس لیے الجھ جاتا ہے کیونکہ وہ آبی امور کا ماہر نہیں جو پانی کو ذخیرہ کرنے پر عالمانہ رائے دے سکے۔

وہ ماہر طبیعات نہیں جو کائنات کے پھیلاو؟ اور اجسام کی باہمی کشش کا تعلق سمجھا سکے اور وہ کوئی ریاضی دان نہیں جو یہ بتا سکے کہ پائی میں کیسا کیسا راز پوشیدہ ہے۔ لیکن اپنی کم مائیگی کا اظہار کرنے کی بجائے اکثر لوگ اس بات پر اصرار کرتے ہیں کہ وہ ہر فن مولیٰ ہیں اور ہر معاملے پر ایک حتمی رائے رکھتے ہیں۔ ہم میں سے ہر شخص ماہر معاشی امور، خارجہ پالیسی کا



تجزیہ کار اور شہری منصوبہ بندی کا ایکسپرٹ بنا بیٹھا ہے۔ ٹی وی چینلز کے ٹاک شوز سے لے کر سوشل میڈیا کی ٹائم لائنز اور چائے کے ڈھابوں سے لے کر اشرافیہ کے ڈرائنگ روم تک، ہر کوئی ملکی مسائل کا سادہ اور فوری حل پیش کرتا نظر آتا ہے۔ ملک جب دیوالیہ ہونے کے قریب تھا تو کچھ سیانے کہتے تھے کہ ڈیفالٹ ہونے دو سب قرضے خود بخود ختم ہو جائیں گے۔ کرپشن اور بدانتظامی ختم کرنے کا فارمولا بھی اسی قسم کے صاحبان کے پاس ہوتا ہے

جو کبھی ہٹلر کو آئیڈیل حکمران بتاتے ہیں اور کبھی سرعام پھانسیوں کو مسئلے کا حل بتا کر یوں مطمئن ہو جاتے ہیں جیسے یہ طے ہو کہ وہ خود پھانسی دینے والوں میں سے ہوں گے، لگنے والوں میں سے نہیں۔

ایک تجویز اکثر یہ بھی سننے میں آتی ہے کہ تمام سیاست دانوں کو دریا بُرد کر دو ملک از خود سوئٹزرلینڈ بن جائے گا۔ یہ تمام تجاویز اتنی ہی سادہ اور گمراہ کُن ہیں جتنی یہ سوچ کہ فضائی غبارے میں بیٹھ کر زمین گھومنے کا انتظار کیا جائے تاکہ منزل خود قدموں کے نیچے آ جائے۔ انگریزی میں کہتے ہیں

۔اصل المیہ یہیں سے جنم لیتا ہے۔ جب کسی بھی مسئلے کی پیچیدگی کو تسلیم کرنے سے انکار کر دیا جائے تو پھر ماہرین کی رائے بے وقعت ہو جاتی ہے۔ آبی امور کا ماہر جب یہ بتاتا ہے کہ صرف ایک ڈیم نہیں بلکہ ملک بھر میں چھوٹے بڑے ڈیموں کا جال، نہری نظام کی مکمل بحالی، زراعت کے لیے ڈرپ اریگیشن جیسی جدید ٹیکنالوجی کا فروغ اور پانی کے استعمال کے حوالے سے عوامی شعور بیدار کرنے کی مربوط پالیسی کی ضرورت ہے، تو اُس کی بات "ہرفن مولیٰ" دانشوروں کے شور میں دب جاتی ہے۔

کیوں؟ کیونکہ یہ حل پیچیدہ ہے، وقت طلب ہے اور اس میں فوری سیاسی فائدہ نظر نہیں آتا۔ ہم اُس ریاضی دان کی طرح ہیں جو "پائی" کے نہ ختم ہونے والے ہندسوں میں کائنات کے راز تلاش کر رہا ہے، جبکہ قوم کو ایسے شعبدہ بازوں کی تلاش ہے جو دو اور دو پانچ کر کے دکھا دیں۔

تو پھر اصل "گھن چکر" کیا ہے؟ موسلا دھار بارشوں کے باوجود پانی کی قلت؟ نہیں۔ اصل گھن چکر جہالت اور تکبر کا وہ اتحاد ہے جو پاپولزم کو جنم دیتا ہے

جس کے بعد کسی بھی مسئلے کی تہہ تک پہنچنا قریباً ناممکن ہو جاتا ہے۔

ہم مسائل کو حل کرنے کی بجائے اُن کی سادہ تشریحات پر ایمان لے آتے ہیں اور پھر اُن غیر حقیقی تشریحات کی بنیاد پر حل تجویز کرتے ہیں جو کبھی کام نہیں کرتے۔ موت کے بعد اجزا کا پریشاں ہونا تو سمجھ آتا ہے مگر ہم نے زندگی میں ہی اپنے اجتماعی شعور کے اجزا کو پریشان کر رکھا ہے۔

نارو تجبن نوبل کمیٹی کی مشکل

پاکستان کے بعد اسرائیل نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کو امن کے نوبل امن انعام کے لیے نامزد کیا ہے۔ گزشتہ رات وائٹ ہاو؟س میں عشائیہ کے دوران اسرائیلی وزیر اعظم نیتن یاہو نے صدر ٹرمپ کو اس خط کی نقل دی جو ان کی حکومت نے نارو تجبن نوبل کمیٹی کو روانہ کیا ہے۔ نوبل کمیٹی نے اگر انہیں اس انعام کا حقدار قرار دیا تو انہیں یہ انعام 2026 میں مل سکے گا کیوں کہ سال رواں کے انعام کی نامزدگیوں کی تاریخ 31 جنوری کو گزر چکی ہے۔ یوں تو پاکستان اور اسرائیل میں کوئی قدر مشترک نہیں ہے لیکن ٹرمپ کی 'امن کے لیے خدمات' پر دونوں متفق دکھائی دیتے ہیں۔ اس پیچیدہ تعلق پر غور کرتے ہوئے اس گتھی کو سلجھانا بھی مشکل نہیں ہونا چاہیے کہ اسلام آباد اور تل ابیب نے یکے بعد دیگرے کیوں امریکہ کے منہ زور صدر کو دنیا کے ممتاز ترین انعام کے لیے نامزد کیا ہے۔ ٹرمپ نے کبھی اس خواہش کو چھپانے کی کوشش نہیں کی کہ وہ اس انعام کے حقیقی حقدار ہیں لیکن ان کی امن کے لیے عظیم خدمات کے باوجود انہیں یہ انعام نہیں دیا گیا۔ حال ہی میں انہوں نے مئی کے دوران پاکستان اور بھارت کے درمیان چار روزہ جنگ رکوانے میں کردار ادا کرنے کا پرچار کرتے ہوئے خود کو دنیا میں امن کا سب سے بڑا امید قرار دیا تھا۔ امریکہ کا دوسری بار صدر بننے سے پہلے ڈونلڈ ٹرمپ یوکرین روس جنگ بند کرانے کا اعلان کرتے ہوئے اقتدار میں آئے تھے لیکن جس جنگ کو وہ چوبیس گھنٹے میں بند کرانے والے تھے، اسے اقتدار کے 6 ماہ گزرنے کے باوجود نہیں رکوایا جا سکا۔ بلکہ گزشتہ چند ہفتوں کے دوران روس کی طرف سے جنگ کی شدت میں اضافہ کیا گیا ہے جس کے بعد اب ٹرمپ نے یوکرین کو اسلحہ فراہمی جاری رکھنے کا اعلان کیا ہے اور روسی صدر پوتن سے شدید ناراضی کا اظہار کیا ہے۔ جنگ میں ملوث کسی ملک کو اسلحہ دینے والا ملک جنگ میں شریک سمجھا جاتا ہے۔ جبکہ الفریڈ نوبل کی وصیت کے مطابق امن انعام دنیا میں جنگیں بند کرانے اور امن کی کوشش کرنے والے شخص کو دیا جا سکتا ہے۔ بدقسمتی سے آج یوکرین کی جنگی امداد بحال کرنے کا امریکی اعلان اس وصیت کا تقاضا پورا نہیں کرتا۔ یوں بھی 22 جون کو ایران اسرائیل جنگ کے دوران امریکہ نے ایران پر حملے کیے تھے یوں دنیا میں جاری کم از کم ایک تنازعہ میں صدر ٹرمپ براہ راست ملوث رہے ہیں۔ یہ حرکت بھی الفریڈ نوبل کی وصیت کے متن کی صریح خلاف ہے۔ اس موقع پر غزہ میں اسرائیلی جارحیت کا ذکر بے سود ہوگا کیوں کہ 640 دنوں سے جاری اس جنگ میں امریکہ براہ راست اسرائیل کا معاون ہے اور سلامتی کونسل میں جنگ بندی کے لیے پیش کی جانے والی متعدد قراردادوں کو دنیا بھر کے ممالک کے اتفاق کے باوجود امریکہ، اسرائیل نوازی میں ویٹو کرتا رہا ہے۔ اس کے باوجود ٹرمپ خود کو امن کا چیمپئن کہلانے پر مصر ہیں تو کوئی ان کی زبان نہیں پکڑ سکتا۔ ستم ظریفی تو یہ بھی ہے کہ اس بار ڈونلڈ ٹرمپ کو نوبل امن انعام کا حقدار قرار دینے والا نیتن یاہو کیس ماہ سے غزہ میں انسانوں کو ہلاک کرنے میں مصروف ہے اور حماس کے مکمل خاتمہ اور فلسطینیوں کو ہمہ قسم حقوق سے محروم کیے بغیر وہ اس جنگ کو بند کرنے پر آمادہ نہیں ہے۔ بین الاقوامی کرمنل کورٹ (آئی سی سی) کی طرف سے نیتن یاہو کو جنگی جرائم اور انسانیت کے خلاف جرائم کا ملزم قرار دے کر ان کی گرفتاری کے وارنٹ جاری کیے گئے ہیں۔ وہ کسی ایسے ملک میں نہیں جا سکتے جو آئی سی سی کو تسلیم کرتا ہو کیوں کہ اس صورت میں وہ ملک اسرائیلی وزیر اعظم کو گرفتار کر کے عالمی عدالت کے سامنے پیش کرنے کا پابند ہے تاکہ اس شخص کو اس کے گناہوں کی سزا دی جا سکے۔ اس کے علاوہ جون کے دوران ایران پر بلا اشتعال حملہ کر کے نیتن یاہو اپنی جنگ جویانہ ذہنیت کا کھلم کھلا اظہار کر چکے ہیں۔ ایسے مشکوک کردار اور جنگ سے شیفتگی رکھنے شخص کی سفارش پر ٹرمپ کا اظہار مسرت حیرت انگیز ہونا چاہیے لیکن ٹرمپ جیسے لوگ صرف اسی سچ کو تسلیم کرتے ہیں

بھارت کی ہٹ دھرمی

تحریر: وسعت اللہ خان

یوکرین اور فلسطین پونے تین برس سے عالمی ذرائع ابلاغ کے ریڈار پر۔ یقیناً میرٹ کی بنیاد پر چھائے ہوئے ہیں۔ مگر اس کے نتیجے میں دیگر المیوں کو نہ ہونے کے برابر کوریج مل رہی ہے جن میں لاکھوں انسان زندگی اور موت کے درمیان جھولتی الگنی سے لٹک رہے ہیں۔ مثلاً سوڈان میں اپریل دو ہزار تیئیس سے جاری خانہ جنگی میں لاکھوں لوگوں کی بے گھری، ہزاروں ہلاکتیں اور اجتماعی ریپ بطور ہتھیار عالمی میڈیا کی فرنٹ لائن خبر ہی نہیں۔ ان المیوں کے بیچ پچھلی ایک دہائی سے بالخصوص اگر دنیا میں کوئی اقلیت لاوارث ترین کہی جا سکتی ہے تو وہ میانمار کے روہنگیا ہیں۔ اکثر نے سرحد پار بنگلہ دیش میں پناہ لے رکھی ہے۔ مگر اقوامِ متحدہ کے ادارے برائے پناہ گزینان (یو این ایچ سی آر) اور دیگر فلاحی و انسانی حقوق تنظیموں کی سرتوڑ کوششوں کے باوجود روہنگیوں کی حالت سال بہ سال بدتر ہوتی جا رہی ہے۔

بنگلہ دیش نے کچھ عرصے تو میانمار کی سرحد سے متصل چٹاگانگ اور کاکسس بازار کے سرحدی علاقے میں قائم کیمپوں میں ان کی میزبانی کی۔ مگر سابق حسینہ واجد حکومت نے اپنے اقتدار کے آخری دور میں ان کیمپوں میں رہنے والوں کو خلیج بنگال کے دو نسبتاً غیر آباد جزیروں میں منتقل کرنے کی کارروائی کی اور ہزاروں پناہ گزینوں کو جبراً ایسے ماحول میں دھکیل دیا گیا جہاں زندہ رہنے سے بہتر مرنا طے پایا۔

اور پھر حسبِ توقع اس جہنم سے فرار ہو کر نامعلوم منزلوں کی طرف سفر کرنے والے روہنگیوں کی کشتیاں ڈوبنے کی خبریں آنے لگیں۔ گزشتہ مئی کی اٹھائیس تاریخ کو پناہ گزینوں کے ادارے یو این ایچ سی آر نے تصدیق کی کہ نو اور دس مئی کو دو کشتیوں میں سوار چار سو ستائیس روہنگیا مرد، عورتیں، بچے خلیج بنگال میں میانمار کے ساحل کے قریب ڈوب گئے۔ صرف ستاسی زندہ بچے۔ کسی ایک حادثے میں اتنے روہنگیوں کی ہلاکت پہلے کبھی نہیں سنی گئی۔ ابھی یہ تصدیق ہونی ہے کہ ان کشتیوں میں میانمار سے فرار ہونے والے تارکِ وطن تھے یا بنگلہ دیش کے پناہ گزین کیمپوں سے فرار ہونے والے روہنگیا تھے۔

دو ہزار سترہ میں میانمار کی فوج اور دائیں بازو کے متشدد بودھ گروہوں کے مظالم سے بچنے کے لیے سرحدی صوبے رخائن سے دس لاکھ سے زائد روہنگیا نے جبری نقلِ مکانی کی۔ اس برس اپریل میں میانمار حکومت نے ان میں سے ایک لاکھ اسی ہزار پناہ گزینوں کو اپنا قانونی شہری تسلیم کر لیا۔ چنانچہ بنگلہ دیشی حکومت نے انھیں ملک چھوڑنے کا حکم دیا۔ تاہم ان میں سے کوئی بھی واپس جانے کو تیار نہیں۔ ان کا سب کچھ پہلے ہی چھن چکا ہے اور واپسی کی صورت میں بھی وہ خوف کی اسی مسلسل کیفیت میں زندگی کاٹیں گے جس سے ڈر کے آٹھ برس پہلے بھاگے تھے۔ بقول ایک روہنگیا کارکن ہم میانمار کے بجائے کسی بھی جہنم میں خوشی خوشی رہنے کو تیار ہیں۔ ان میں سے بہت سے اب ڈیپورٹیشن کے ڈر سے بنگلہ دیش سے



بھی بھاگ رہے ہیں۔ کچھ خوش قسمت سمندر کی لہروں پر ہچکولے کھاتے کھاتے تھائی لینڈ، ملیشیا اور انڈونیشیا تک پہنچ جاتے ہیں اور بہت سے راستے میں ڈوب جاتے ہیں۔

دو ہزار اٹھارہ میں اسلامی کانفرنس تنظیم کے مغربی افریقی رکن گیمبیا نے پیش کش کی کہ وہ روہنگیا پناہ گزینوں کو اپنانے کے لیے تیار ہے بشرطیکہ متمول ممالک منتقلی کے اخراجات برداشت کر سکیں۔ ایک بھی مسلمان ملک گیمبیا کی مدد کو نہیں آیا۔ (کاش گیمبیا کے صدر کا نام ٹرمپ ہوتا تو اس کی جیبیں اتنی بھر دی جاتیں کہ پھٹ جاتیں)۔ حالیہ برسوں میں کئی ہزار روہنگیا بھارت بھی آن پہنچے۔ ان میں سے اکثر کو آسام اور جموں کے پناہ گزیں کیمپوں میں رکھا گیا۔ یہ سب یو این ایچ سی آر سے رجسٹرڈ ہیں اور ان کی دیکھ بھال کے اخراجات بھی عالمی تنظیمیں اٹھاتی ہے

حالیہ برسوں میں کئی ہزار روہنگیا بھارت بھی آن پہنچے۔ ان میں سے اکثر کو آسام اور جموں کے پناہ گزیں کیمپوں میں رکھا گیا۔ یہ سب یو این ایچ سی آر سے رجسٹرڈ ہیں اور ان کی دیکھ بھال کے اخراجات بھی عالمی تنظیمیں اٹھاتی ہے مگر ان کی اکثریت کو شکایت ہے کہ حکومت چونکہ ہمیں بن بلائے مہمان سمجھتی ہے لہٰذا بھارتی میڈیا اکثر ان کے مسلمان ہونے کے ناتے دھشت گرد ہونے کا تاثر پھیلاتا رہتا ہے۔ پولیس رقم اینٹھنے کے لیے جھوٹے مقدمات بناتی رہتی ہے اور گرفتاریاں بھی کرتی ہے۔ مقصد یہی ہے کہ کسی طرح روہنگیا یہاں سے کہیں بھی چلے جائیں۔ پولیس رقم اینٹھنے کے لیے جھوٹے مقدمات بناتی رہتی ہے اور گرفتاریاں بھی کرتی ہے۔ مقصد یہی ہے کہ کسی طرح روہنگیا یہاں سے کہیں بھی چلے جائیں۔

اس پس منظر میں ڈیڑھ ماہ قبل بھارت سے ایسی خبر آئی جس نے یو این ایچ سی آر سمیت انسانی حقوق کی سرکردہ تنظیموں کو جھنجھوڑ ڈالا۔ ہوا یوں کہ چھ مئی کو رات گئے دہلی پولیس نے لگ بھگ ایک سو روہنگیا پناہ گزینوں کو تین علاقوں سے اٹھایا اور یہ بتا کر تھانے لے گئے کہ ہم آپ کو فنگر پرنٹس لے کر چھوڑ دیں گے۔ ان میں عورتیں، بوڑھے، بچے، بیمار سب ہی شامل تھے اور سب کے سب اقوامِ متحدہ کے ادارہ برائے پناہ گزینان میں رجسٹرڈ تھے۔ اگلے چوبیس گھنٹے ان سب کو بلا وارنٹ مختلف تھانوں میں رکھا گیا اور کسی مجسٹریٹ کے سامنے پیش نہیں کیا گیا۔ پھر انھیں ایک نظر بندی مرکز میں یکجا کیا گیا۔ ان کے فنگر پرنٹس لے گئے۔ ان میں سے اڑتیس کی آنکھوں پر پٹی باندھ کے اور ہتھکڑیاں اور بیڑیاں لگا کے بذریعہ طیارہ جزائر انڈمان کے دارالحکومت پورٹ بلیئر پہنچایا گیا۔

پھر انھیں بحریہ کے ایک جہاز پر منتقل کیا گیا۔ مارا پیٹا گیا اور میانمار کی بحری حدود میں لائف جیکٹس دے کر سمندر میں اتار دیا گیا۔ ان سے کہا گیا کہ ہم آپ کو انڈونیشیا کی سمندری حدود میں چھوڑ رہے ہیں۔ کچھ لوگ بارہ گھنٹے سمندر میں رہنے کے بعد بھی ساحل تک زندہ پہنچ گئے اور باقیوں کی قسمت نامعلوم ہے۔

دہلی میں دو وکلا نے سپریم کورٹ میں ان روہنگیوں کے اغوا کی درخواست دی ہے اور حکومتِ بھارت کو فریق بنایا۔

درخواست میں کہا گیا کہ پناہ گزینوں کو خاموشی سے سمندر میں دھکیلنے کا صاف صاف مطلب یہ ہے کہ ملک بدری کے بین الاقوامی قواعد و ضوابط پوری طرح پامال کیے گئے۔ اقوامِ متحدہ کے متعلقہ اہلکار واردات کی چھان پھٹک کر کے اپنی رپورٹ مرتب کر رہے ہیں۔

اب تک تو ہم یہ سنتے آئے تھے کہ انسانی اسمگلرز بیچ سمندر میں انسانوں کو پھینک دیتے ہیں مگر یہ پہلا موقع ہے جب کسی ریاست نے اس طرح کا جرم کیا ہو۔

حقائق سامنے آ بھی گئے تو کیا فرق پڑے گا؟ روہنگیا تو ویسے بھی زمین کا بوجھ ہیں۔

اسیرانِ لاہور کا خط اور پی ٹی آئی

تحریر: عرفان صدیقی

کیا وفا کیش اور جماعت سے گہری وابستگی رکھنے والے پانچ اسیرانِ لاہور کا خط، اندھی گلی میں بھٹکتی پی ٹی آئی کو جگنو بھر روشنی دے پائے گا؟ کیا چند سطور پر مشتمل یہ 'پریس ریلیز' ہر آن آمادہ ؟ بحران تحریکِ انصاف کو تصادم و پیکار سے ہٹ کر سنجیدہ اور نتیجہ خیز مذاکرات کی راہ سجھا پائے گا؟ بظاہر اِس کے کوئی آثار دکھائی نہیں دیتے۔ خط کو منظرِ عام پہ آئے ایک ہفتہ ہو گیا۔ اب تک نہ پارٹی نے اس پر باضابطہ ردِعمل دیا نہ پارٹی کے سرپرستِ اعلیٰ، عمران خان نے لب کشائی کی۔

بے ہنری کی بے ثمر تاریخ اور حکمت و دانش سے عاری فیصلوں کا سفر جاری ہے۔ اپریل 2022ء میں تحریکِ عدمِ اعتماد کا مردانہ وار مقابلہ کرنے کے بجائے قاسم سوری کی رُسوائے زمانہ رُولنگ، اپنے مُرغِ دَست آموز عارف علوی سے قومی اسمبلی تحلیل کرانا، اسمبلی سے اجتماعی استعفے داغ کر صحرائی بگولوں کی طرح بے سروپا دھرنوں اور لانگ مارچوں پر نکل کھڑے ہونا، مئی 2022 میں پی ڈی ایم حکومت کی طرف سے نئے انتخابات کی پیشکش کو (صدر علوی اور جنرل باجوہ کی ضمانت کے باوجود) مسترد کر دینا، نومبر 2022 میں سید عاصم منیر کی بطور آرمی چیف تقرری کا راستہ روکنے کیلئے اسلام آباد پر چڑھ دوڑنا 2023 کے آغاز میں پنجاب اور خیبر پختون خوا کی اسمبلیاں تحلیل کر دینا، 9 مئی 2023 کی لشکر کشی کے ذریعے، فوج میں انتشار پیدا کر کے، آرمی چیف کا تختہ الٹنے کی سازش کرنا، اور فائنل کال کے نام پر نومبر 2024 میں اسلام آباد پر یلغار کرنا، سب ایسے فیصلے یا اقدامات تھے جو ''بُوم رینگ'' (Boomerang) نامی ہتھیار کی طرح پلٹ کر آئے اور پی ٹی آئی کا سینہ چھلنی کر گئے۔

مشرِ زِنداں میں بھی خان صاحب کا جنوں فارغ نہیں بیٹھا۔ ''یا اپنا گریباں چاک یا دامنِ یزداں چاک'' کی سعی ؟ بے

انٹرنیشنل



چھ جولائی 2025 کو بحیرہ احمر میں حوثیوں کے حملے کے بعد یونانی بحری جہاز کے عملے کو ریسکیو کیا جا رہا ہے (عرب امارات وزارتِ خارجہ



انڈیا کی شمال مشرقی ریاست آسام کے ضلع ہوجائی کے ڈوباکا میں ایک شخص سیلابی پانی میں بیڑے پر کھڑا ہے

اسرائیل کیخلاف مزید اقدامات کریں گے، برطانوی وزیر خارجہ

لندن (این این آئی) برطانوی وزیر خارجہ ڈیوڈ لیمی نے کہا ہے کہ غزہ کی بدترین انسانی صورتحال فوری بہتر نہ ہوئی تو برطانیہ اسرائیل کے خلاف مزید اقدامات کرے گا۔ برطانوی پارلیمانی کمیٹی سے خطاب میں وزیر خارجہ ڈیوڈ لیمی کا کہنا تھا کہ اب غزہ میں فوری جنگ بندی کی ضرورت ہے۔ انھوں نے کہا کہ غزہ کی ناقابل برداشت صورتحال جاری رہی تو حکومت، اسرائیل کے خلاف مزید اقدامات کرنے پر مجبور ہو جائے گی۔ غزہ کی ناقابل برداشت صورتحال جاری رہی تو اقدامات پر مجبور ہونگے، خطاب

مشرق وسطی میں امن کا واحد راستہ دو ریاستی حل ہے، فرانسیسی صدر

برطانیہ اور فرانس کو انٹرنیشنل آرڈر کے تحفظ کے لیے مل کر کام کرنا ہوگا، خطاب

پیرس (این این آئی) فرانسیسی صدر ایمانویل میکرون نے کہا ہے کہ مشرق وسطی خطے میں امن کا واحد راستہ دو ریاستی حل ہے۔ برطانوی پارلیمنٹ سے خطاب میں فرانسیسی صدر نے کہا کہ غزہ میں جنگ بندی ہونا فوری نوعیت کا مسئلہ ہے، جنگ ختم نہ ہونا پورے خطے کے لیے خطرہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ برطانیہ اور فرانس کو انٹرنیشنل آرڈر کے تحفظ کے لیے مل کر کام کرنا ہوگا، ہمیں امریکا اور چین پر حد سے زیادہ انحصار ختم کرنا ہوگا۔ فرانسیسی صدر میکرون نے مزید کہا کہ یورپ یوکرین کو کبھی تنہا نہیں چھوڑے گا۔ اپنے خطاب میں میکرون کا مزید کہنا تھا کہ فرانس اور برطانیہ چھوٹی کشتیوں کے ذریعے غیر قانونی ہجرت روکنے کے لیے مل کر کام کریں گے اور نتیجہ دیں گے۔ انہوں نے کہا کہ یورپی یونین کی مدد بھی ضروری ہے تاکہ ایک مستقل اور موثر حل ممکن ہو سکے، 2025 کے پہلے چھ ماہ میں چھوٹی کشتیوں کے ذریعے برطانیہ آنے والوں کی تعداد ریکارڈ سطح پر پہنچ چکی ہے۔ بریگزٹ پر نرم تنقید کرتے ہوئے ایمانویل میکرون نے کہا کہ اگرچہ برطانیہ اب یورپی یونین کا حصہ نہیں رہا لیکن یورپ کی سلامتی، معیشت اور جمہوریت ایک دوسرے سے جڑے ہوئے ہیں۔



ٹرمپ غزہ جنگ کے خاتمے کیلئے سنجیدہ، امریکی ایلچی قطر روانہ

اسرائیل کی جانب سے جنگ بندی مذاکرات میں رکاوٹیں ہیں، حماس ذرائع

واشنگٹن (این این آئی) وائٹ ہاؤس نے اعلان کیا ہے کہ امریکہ کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی اولین ترجیح غزہ میں جاری جنگ کا خاتمہ اور حماس کی تحویل میں موجود قیدیوں کی رہائی ہے۔ اس اعلان سے قبل صدر ٹرمپ اسرائیلی وزیراعظم بنجمن نیتن یاہو سے ملاقات کرنے والے تھے۔ وائٹ ہاؤس کی ترجمان کارولائن لیویٹ نے صحافیوں کو بتایا کہ صدر ٹرمپ کے خصوصی ایلچی اسٹیو وٹکوف رواں ہفتے قطر روانہ ہوں گے، جہاں اسرائیل اور حماس کے درمیان بالواسطہ مذاکرات جاری ہیں۔ انہوں نے کہا کہ میں تصدیق کرتی ہوں کہ ایلچی اسٹیو وٹکوف اس ہفتے دوحہ جائیں گے، جہاں وہ مذاکرات میں شریک رہیں گے۔ کارولائن لیویٹ کے مطابق صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی توجہ اس وقت اس بات پر مرکوز ہے کہ حماس سے جنگ بندی پر رضامندی حاصل کی جائے۔ ادھر فلسطینی ذرائع نے بتایا کہ اسرائیل کی جانب سے غزہ میں امدادی سامان کی آزادانہ اور محفوظ رسائی سے انکار، قطر میں جاری جنگ بندی مذاکرات کی راہ میں سب سے بڑی رکاوٹ ہے۔ اسی تناظر میں، اسرائیلی قیدیوں کے اہل خانہ کی تنظیم نے نیتن یاہو اور ٹرمپ سے مطالبہ کیا کہ وہ غزہ میں موجود تمام قیدیوں کی واپسی اور جنگ کے خاتمے کے لیے ایک جامع اور مکمل معاہدہ کریں۔ تنظیم نے واشنگٹن سے اپنے ایک بیان میں کہا کہ ہم ایک فیصلہ کن موڑ پر کھڑے ہیں اور قیدیوں کی واپسی کا واحد راستہ جنگ کا خاتمہ ہے۔ بیان میں مزید کہا گیا کہ ہم یہاں صدر ٹرمپ اور وزیراعظم نیتن یاہو کی حمایت کے لیے آئے ہیں

غزہ پر دوحہ مذاکرات میں ابھی تک کوئی پیش رفت نہیں ہوئی، فلسطینی ذرائع

امریکی فریق اسرائیل پر جنگ بندی کے معاہدے تک پہنچنے اور قیدیوں کے تبادلے کے لیے دباؤ ڈالے گا، رپورٹ

غزہ (این این آئی) غزہ کی پٹی میں جنگ بندی کے حوالے سے حماس اور اسرائیلی وفود کے درمیان بالواسطہ مذاکرات دوحہ میں دوبارہ شروع ہوئے۔ ذرائع نے کہا کہ دوحہ میں مصری اور قطری ثالثوں کی موجودگی میں دونوں فریقوں کے درمیان بالواسطہ بات چیت دوحہ میں اس تجویز پر عمل درآمد کے طریقہ کار کے حوالے سے جاری ہے۔ انہوں نے کہا کہ ابھی تک کوئی پیش رفت نہیں ہوئی۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ مذاکرات غزہ کی پٹی سے اسرائیلی فوج کے انخلا، امداد کے داخلے اور جنگ بندی کے طریقہ کار پر بات چیت پر مرکوز ہیں۔ ذرائع نے مذاکرات کو مشکل قرار دیتے ہوئے مزید کہا کہ حماس ایک معاہدے تک پہنچنے میں سنجیدہ ہے اور امید ہے کہ امریکی فریق اسرائیل پر جنگ بندی کے معاہدے تک پہنچنے اور قیدیوں کے تبادلے کے لیے دباؤ ڈالے گا۔ یاد رہے حماس اور اسرائیل کے درمیان بالواسطہ مذاکرات کا ایک نیا دور اتوار کی شام قطر میں شروع ہوا جس کا مقصد جنگ بندی کے معاہدے تک پہنچنا ہے۔ ذرائع کے مطابق مذاکرات امریکی ایلچی سٹیو وٹکوف کی تجویز پر مبنی ہیں۔

پہلی بار اسرائیل نے سینئر کمانڈرز کے قتل کے خوف سے شیڈو جنرل سٹاف تشکیل دیدیا

یہ اقدام آپریشن رائزنگ لائن کی تیاریوں اور سینئر ایرانی کمانڈروں کے خاتمے سے پہلے کیا گیا تھا، رپورٹ



تل ابیب (این این آئی) ایک اسرائیلی اخبار نے انکشاف کیا ہے کہ فوج نے احتیاطی اقدام کے طور پر ایک شیڈو جنرل سٹاف تشکیل دیا ہے، جس کا مقصد سینئر افسران کے قتل یا زخمی ہونے کی صورت میں فوجی قیادت کے تسلسل کو یقینی بنانا ہے۔ یہ اقدام گذشتہ ماہ ایران کے خلاف اسرائیلی جنگ میں ایرانی پاسداران انقلاب کے کمانڈروں کے قتل سے پہلے کیا گیا۔ اخبار کے مطابق یہ اقدام آپریشن رائزنگ لائن کی تیاریوں کے ایک حصے کے طور پر کیا گیا ہے۔ اس آپریشن میں ابتدائی طور پر ایرانی فوج کی اعلیٰ قیادت اور پاسداران انقلاب کے کمانڈروں کے ایک گروپ کے اعلیٰ عہدیداروں کا قتل جاری تھا۔ اخبار نے یہ بھی اطلاع دی ہے کہ اپنے سینئر کمانڈروں اور افسران کو نشانہ بنانے کے اسی طرح کے منظر نامے کے خوف سے اسرائیلی فوج نے پہلے ہی ایک متبادل کمانڈ کا ڈھانچہ تیار کر لیا تھا تاکہ ضرورت پڑنے پر کمانڈ سنبھالنے کے لیے تیار رہے۔ یہ پہلا موقع ہے

اسرائیل کی جنگ نے سفارت کاری کو سبوتاژ کر دیا، عباس عراقچی

تہران (این این آئی) ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے کہا ہے کہ اسرائیل کی جنگ نے سفارت کاری کو سبوتاژ کر دیا، امریکا سفارت کاری دوبارہ شروع کر سکتا ہے۔ برطانوی جریدے میں ایک مضمون میں انہوں نے کہا کہ مذاکرات کے دوران اسرائیلی حملے نے ثابت کر دیا کہ اسرائیل کو امن سے زیادہ تصادم پسند ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ امریکا نے بھی ایران پر حملوں سے بین الاقوامی قانون اور این پی ٹی کی خلاف ورزی کی۔ عباس عراقچی نے کہا کہ ایران کو امریکا کی جانب سے دوبارہ مذاکرات کے پیغامات ملے ہیں لیکن ہم اب امریکا پر کیسے اعتماد کریں؟ انہوں نے کہا کہ ایران سفارت کاری میں اب بھی دلچسپی رکھتا ہے



غزہ: شمالی غزہ میں جبالیہ پناہ گزین کیمپ پر اسرائیلی فوج کے حملوں کے بعد دھواں اٹھ رہا ہے



غزہ: ایک عمومی منظر اسرائیلی فضائی حملے سے ہونے والی تباہی کو ظاہر کرتا ہے، جب کہ رہائشی اور رضا کار بے گھر افراد کے کیمپ کی جگہ پر امدادی اور بچاؤ کی کوششوں میں مصروف ہیں۔





شمالی انگلینڈ کے لیڈز کے ہیڈ نگلے کرکٹ گراؤنڈ میں انگلینڈ اور انڈیا کے درمیان پہلے کرکٹ ٹیسٹ میچ کے دوسرے دن انڈیا کے جسپریت بمرا نے ناکام اپیل کرتے ہوئے

انگلینڈ اور بھارت کی کرکٹ ٹیموں کے درمیان تیسرا ٹیسٹ میچ آج

لندن (این این آئی) انگلینڈ اور بھارت کی کرکٹ ٹیموں کے درمیان پانچ ٹیسٹ میچوں پر مشتمل سیریز کا تیسرا میچ آج جمعرات سے 14 جولائی تک انگلینڈ کے دارالحکومت لندن کے مشہور کرکٹ گراؤنڈ لارڈز میں کھیلا جائے گا، دونوں ٹیموں کے درمیان پانچ میچوں کی سیریز میں 1-1 سے برابر ہے۔ آئی سی سی ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ کا حصہ پانچ ٹیسٹ میچوں کی سیریز کے لیڈز میں کھیلے گئے پہلے ٹیسٹ میچ میں انگلینڈ نے بھارت کو 5 وکٹوں سے شکست دی تھی تاہم برمنگھم میں کھیلے گئے دوسرے ٹیسٹ میچ میں مہمان بھارتی ٹیم نے جاندار کم بیک کرتے ہوئے میزبان انگلینڈ کی ٹیم کو 336 رنز سے شکست دے کر سیریز 1-1 سے برابر کر دی۔



لاہور: نشتر پارک سپورٹس کمپلیکس کے جمنیزیم ہال میں سپورٹس ڈیپارٹمنٹ پنجاب کے زیر اہتمام سپورٹس کیمپس کے ٹیبل ٹینس کیمپ میں کوچ بچوں کو تربیت دے رہے ہیں

ٹاپ سیڈ آرینا سبالینکا اور امندا انیسموا ومبلڈن اوپن ٹینس ویمنز سنگلز کے سیمی فائنل میں داخل

جرمن ٹینس سٹار لورا نٹالی سیگمنڈ اور روس کی ٹینس سٹار اناستاسیا پاؤلیچنکو واخواتین کے سنگلز مقابلوں کے ہارکر میگا ایونٹ سے باہر

لندن (این این آئی) بیلاروس کی ٹاپ سیڈ ٹینس سٹار اور تین گرینڈ سلام ٹائٹلز کی فاتح آرینا سبالینکا اور امریکی ٹینس سٹار امندا انیسموا اپنی فتوحات کو برقرار رکھتے ہوئے ومبلڈن اوپن ٹینس ٹورنامنٹ ویمنز سنگلز مقابلوں کے سیمی فائنل میں پہنچ گئیں جبکہ جرمن ٹینس سٹار لورا نٹالی سیگمنڈ اور روس کی ٹینس سٹار اناستاسیا پاؤلیچنکو واخواتین کے سنگلز مقابلوں کے کوارٹر فائنل راؤنڈ میں ہار کر میگا ایونٹ سے باہر ہوگئیں۔ امریکی ٹینس کھلاڑی امندا انیسموا نے بھی پہلی مرتبہ ومبلڈن اوپن ٹینس ویمنز سنگلز سیمی فائنل راؤنڈ کے لئے کوالیفائی کرلیا۔ سال کے تیسرے گرینڈ سلام ومبلڈن اوپن ٹینس کے دلچسپ مقابلے آل انگلینڈ لان ٹینس اور کروکٹ کلب کے گراس کورٹ پر جاری ہیں، جس میں شائقین ٹینس کو کانٹے دار مقابلے دیکھنے کو مل رہے ہیں۔ خواتین کے سنگلز مقابلوں کے چوتھے راؤنڈ میں 27 سالہ بیلاروس کی ٹاپ سیڈ ٹینس سٹار اور تین گرینڈ سلام ٹائٹلز کی فاتح آرینا سبالینکا نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے 33 سالہ حریف جرمن ٹینس سٹار لورا نٹالی سیگمنڈ کو 6-4، 2-6 اور 4-6 سے شکست دے کر سیمی فائنل راؤنڈ کے لئے کوالیفائی کیا، جہاں بیلاروس کی ٹاپ سیڈ فاتح کھلاڑی کا مقابلہ امریکی ٹینس سٹار امندا انیسموا سے ہوگا۔ امریکی ٹینس کھلاڑی امندا انیسموا نے بھی پہلی مرتبہ ومبلڈن اوپن ٹینس ویمنز سنگلز سیمی فائنل راؤنڈ کے لئے کوالیفائی کرلیا۔ انہوں نے دوسرے کوارٹر فائنل میچ میں 34 سالہ روس کی حریف ٹینس سٹار اناستاسیا پاؤلیچنکو وا کو 1-6 اور 6-7(9-11) سے شکست دی۔

شاہین شاہ آفریدی کے ساتھ زیادتی کی جارہی ہے، باسط علی

کیا شاہین شاہ پاکستانی نہیں؟ کیا اس نے اپنی ٹیم کو پی ایس ایل چیمپئن نہیں بنوایا؟ کیا ٹورنامنٹ میں خود پر فارمنس نہیں دی؟ سوالات

کراچی (این این آئی) بنگلہ دیش کے خلاف تین ٹی 20 میچوں کی سیریز کیلئے قومی ٹیم میں فاسٹ بولر شاہین شاہ آفریدی کو شامل نہ کرنے پر باسط علی بول پڑے۔ سابق ٹیسٹ کرکٹر اور موجودہ تجزیہ کار باسط علی نے دورہ بنگلہ دیش کے لیے اعلان کردہ قومی ٹی 20 اسکواڈ کا پوسٹ مارٹم کر دیا اور شاہین شاہ آفریدی کو اسکواڈ کا حصہ نہ بنانے پر شدید ردعمل کا اظہار کیا ہے۔ باسط علی نے کہا کہ بنگلہ دیش کے خلاف تین ٹی 20 میچوں کی سیریز کے لیے شاہین شاہ آفریدی کو شامل نہیں کیا بلکہ سلمان مرزا کو اسکواڈ کا حصہ بنایا۔ کیا شاہین شاہ پاکستانی نہیں؟ کیا اس نے اپنی ٹیم کو پی ایس ایل چیمپئن نہیں بنوایا؟ کیا ٹورنامنٹ میں خود پر فارمنس نہیں دی؟ تو پھر کیوں اس کو قومی اسکواڈ میں شامل نہیں کیا گیا اور کیوں اس کے ساتھ مسلسل زیادتی کی جارہی ہے۔ سابق کرکٹر نے کہا کہ مان لیا کہ بابر اور رضوان کے ساتھ ٹی 20 میں اسٹرائیک ریٹ کا مسئلہ ہے، لیکن شاہین شاہ کے ساتھ کیا مسئلہ ہے۔ کہا جاتا کہ رویے کا مسئلہ ہے اور جو یہ بات بولتا ہے اس کا مجھے معلوم ہے۔ کیونکہ جو بول رہے ہیں وہ سینئر کھلاڑیوں کو ٹیم میں نہیں چاہتے۔ ان کا کہنا تھا کہ جس طرح ماضی میں رویے کا جواز بنا کر احمد شہزاد اور عمر اکمل کو ٹیم سے باہر کیا گیا۔ اب وہی رویہ شاہین شاہ کے ساتھ رکھا جا رہا ہے۔ میں کوچ اور کپتان کو مشورہ دوں گا کہ ایسا نہ کرو۔ باسط علی نے کہا کہ ہمارے کرکٹ کے اداروں میں اتنے بڑے بڑے پروفیسرز آ گئے ہیں۔ ان کے فیصلوں پر تو ہم صرف سر پکڑتے ہیں کہ یہ کر کیا رہے ہیں۔ بنگلہ دیش ٹور کے لیے صرف دو فاسٹ بولرز شامل کیے گئے ہیں جب کہ آدھا تیتر اور آدھا بٹیر کے مترادف آل راؤنڈرز پر زیادہ انحصار کیا گیا ہے۔ اللہ کرے ٹیم وہاں سے جیت کر آئیں، لیکن اگر انہوں نے تیز وکٹ بنا دی تو پھر پاکستان ٹیم کیا کرے گی۔ ان کا کہنا تھا کہ کرکٹ سے بڑا کوئی نہیں، ویسٹ انڈیز کے ٹور کے بعد سب کے کھاتے کھل جائیں گے۔ باسط علی نے دورہ بنگلہ دیش کے لیے دیگر کچھ کھلاڑیوں کی سلیکشن اور کچھ کو باہر کرنے پر بھی سوالات اٹھائے۔ واضح رہے کہ آج بنگلہ دیش کیخلاف تین ٹی 20 میچوں کی سیریز کے لیے پاکستان ٹیم کا اعلان کیا گیا۔ اسکواڈ میں سابق کپتان بابر اعظم، محمد رضوان، نسیم شاہ، حسن علی اور شاہین شاہ آفریدی جگہ بنانے میں ناکام رہے۔

سری لنکا اور بنگلہ دیش کے درمیان تین میچوں کی سیریز کا پہلا ٹی ٹوئنٹی کرکٹ میچ آج ہوگا

کولمبو (این این آئی) سری لنکا اور بنگلہ دیش کی کرکٹ ٹیموں کے درمیان تین ٹی ٹوئنٹی بین الاقوامی میچوں پر مشتمل سیریز کا پہلا میچ کل (جمعرات کو) پالے کیلی انٹرنیشنل کرکٹ سٹیڈیم، پالے کیلی میں کھیلا جائے گا۔ اس سے قبل دونوں ٹیموں کے درمیان کھیلی گئی دو میچوں کی ٹیسٹ سیریز 1-0 سے سری لنکن ٹیم نے جیت لی تھی جبکہ تین ایک روزہ بین الاقوامی میچوں کی سیریز بھی میزبان آئی لینڈرز نے 2-1 سے جیت لی تھی۔ تین ٹی ٹوئنٹی میچوں کی سیریز میں آئی لینڈرز کو چار تھ اسالنکا لیڈ کریں گے۔

سابق بھارتی کرکٹر نے وسیم اکرم کی تعریفوں کے پُل باندھ دیے

وسیم اکرم اپنی انگلیوں کو بدل کر مختلف انداز میں بولنگ کرتے تھے مجھے ان سے بالکل پیار ہے، روبن اتھپا

نئی دہلی (این این آئی) سابق بھارتی کرکٹر روبن اتھپا نے وسیم اکرم کی تعریفوں کے پُل باندھ دیے۔ سابق بھارتی وکٹ کیپر بلے باز روبن اتھپا نے پاکستانی لیجنڈ سوئنگ کے سلطان وسیم اکرم کی گیند پر مہارت کی تعریف کی۔ انہوں نے کہا کہ وسیم اکرم بہت ہنرمند تھے اور گیند کو اپنی مرضی کے مطابق کرواتے تھے، وہ اپنی انگلیوں کو بدل کر مختلف انداز میں بولنگ کرتے تھے مجھے ان سے بالکل پیار ہے۔ واضح رہے کہ وسیم اکرم کا شمار عالمی کرکٹ کی مشہور ترین شخصیات میں ہوتا ہے۔ سابق کپتان ون ڈے کی تاریخ کے دوسرے سب سے زیادہ وکٹ لینے والے بولر بھی تھے۔ 59 سالہ پاکستان کے دوسرے کامیاب ترین ون ڈے کپتان بھی ہیں، جنہوں نے 109 میچوں میں 66 جیتے اور 41 ہارے، جیت کا تناسب 60.55 ہے۔ وسیم اکرم اپنی انگلیوں کو بدل کر مختلف انداز میں بولنگ کرتے تھے مجھے ان سے بالکل پیار ہے، روبن اتھپا کہیں، جس میں 23.62 کی شاندار اوسط اور صرف 2.59 کی اکانومی ریٹ ہے۔ قابل ذکر بات یہ ہے کہ اکرم نے پاکستان کی 1992 ورلڈ کپ کی تاریخی فتح میں اہم کردار ادا کیا۔ انہیں ان کی آل راؤنڈ کارکردگی پر فائنل کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا، وسیم اکرم نے 18 گیندوں پر تیز رفتار 33 رنز بنانے اور انگلینڈ کے خلاف تین اہم وکٹیں حاصل کیں۔ وسیم اکرم 10 میچوں میں 3.76 کی اکانومی ریٹ سے 18 وکٹیں لے کر ٹورنامنٹ کے سب سے زیادہ وکٹ لینے والے بولر رہے۔ انہوں نے 356 میچوں میں 23.52 کی اوسط اور 3.89 کی اکانومی ریٹ کے ساتھ 502 وکٹیں حاصل کیں۔ ٹیسٹ کرکٹ میں انہوں نے 104 میچوں میں 414 وکٹیں حاصل کیں۔

چیلسی کی ٹیم فیفا عالمی کلب فٹ بال ٹورنامنٹ کے فائنل میں داخل

واشنگٹن (این این آئی) جواؤ پیڈرو کی شاندار کارکردگی کی بدولت چیلسی فٹ کلب کی ٹیم فیفا عالمی کلب فٹ بال ٹورنامنٹ کے فائنل میں پہنچ گئیں جبکہ برازیل کی فلومی نسے فٹ بال کلب کی ٹیم ٹاپ 4 راؤنڈ میں ہار کر میگا ایونٹ سے باہر ہوگئی۔ چیلسی نے پہلے سیمی فائنل میچ میں حریف برازیلین فٹ بال کلب کی ٹیم فلومی نسے کو باآسانی 2-0 گول سے شکست دے کر فائنل کے لئے کوالیفائی کیا۔ جواؤ پیڈرو نے دو گول کر کے اپنی ٹیم چیلسی کی فتح میں اہم کردار ادا کیا۔ عالمی کلب فٹ بال ٹورنامنٹ کے میچز کا سلسلہ امریکا میں جاری ہے جس میں شائقین فٹ بال کو انتہائی دلچسپ اور کانٹے دار مقابلے دیکھنے کو مل رہے ہیں۔



لاہور: سپورٹس ڈیپارٹمنٹ پنجاب کے زیر اہتمام سرسپورٹس کیمپس کے آرچری کیمپ میں بچہ تربیت حاصل کر رہا ہے



لاہور: نیشنل ہاکی اسٹیڈیم میں سپورٹس ڈیپارٹمنٹ پنجاب کے زیر اہتمام سرسپورٹس کیمپس کے ہاکی کیمپ میں کوچ بچوں کو تربیت دے رہے ہیں

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

فیصل آباد: صدر پریس کلب شاہد علی پر حملے کے خلاف مذمتی قرارداد منظور، پولیس کی نااہلی پر صحافی برادری برہم

قرارداد میں پولیس کی جانب سے حملہ آوروں کی تا حال گرفتاری نہ ہونے کو مجرمانہ غفلت اور ناقابل قبول قرار دیا گیا



فیصل آباد (مسعود احمد بھٹہ) صدر پریس کلب فیصل آباد شاہد علی پر حملے کے خلاف پریس کلب کے اجلاس میں شدید مذمت کی گئی اور سینئر نائب صدر جی اے تنویر نے کی، جبکہ صدر پریس کلب شاہد علی نے ویڈیو لنک کے ذریعے خصوصی شرکت کی۔ سیکرٹری پریس کلب سید عبدالحسین نقاش پہنچ کو آگاہ کیا کہ پریس کلب میں اسپورٹس کمپلیکس مکمل ہو چکا ہے، جس کا افتتاح بہت جلد کیا جائے گا۔ مزید بتایا گیا کہ ممبران اور ان کے اہل خانہ کے لیے ایک میڈیکل کیمپ بھی لگایا جائے گا، جس میں اسکریننگ، ای سی جی اور بعد ازاں انجیوگرافی سمیت تمام طبی سہولیات فراہم کی جائیں گی۔ کو فوری گرفتار کر کے انصاف کے تقاضے پورے کیے جائیں۔ اجلاس کی صدارت سینئر نائب صدر جی اے تنویر نے کی، جبکہ صدر پریس کلب شاہد علی نے ویڈیو لنک کے ذریعے خصوصی شرکت کی۔ سیکرٹری پریس کلب سید عبدالحسین نقاش پہنچ کو آگاہ کیا کہ پریس کلب میں اسپورٹس کمپلیکس مکمل ہو چکا ہے، جس کا افتتاح بہت جلد کیا جائے گا۔ مزید بتایا گیا کہ ممبران اور ان کے اہل خانہ کے لیے ایک میڈیکل کیمپ بھی لگایا جائے گا، جس میں اسکریننگ، ای سی جی اور بعد ازاں انجیوگرافی سمیت تمام طبی سہولیات فراہم کی جائیں گی۔

انہوں نے کہا کہ صحافیوں کو بہتر سہولیات کی فراہمی پریس کلب کی اولین ترجیح ہے اور اس سلسلے میں مزید اقدامات بھی زیر غور ہیں۔ سینئر نائب جی اے تنویر نے یہ بھی بتایا کہ صوبائی وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے یقین دہانی کروائی ہے کہ وہ وزیر اعلیٰ پنجاب سے ملاقات کے بعد فیصل آباد کے صحافیوں کو ''صحافی کالونی'' کی خوشخبری دیں گی، جس کا صحافی برادری کئی برسوں سے انتظار کر رہی ہے۔ اجلاس میں نائب صدر ظفر اقبال سرور، رداسندھو، جوائنٹ سیکرٹری ندیم جاوداں، ایگزیکٹو ممبران شاہد محمود، ارشد انصاری، افتخار بتول، رانا حنا جمیل، رفعت انور، علی رضا، توفیق یوسف، نادر مان، ڈاکٹر سعید، طاہر علی مان، نعیم شاکر اوید کمال بٹ نے شرکت کی۔ آخر میں معروف شخصیت گل زیب ملک کے ایصال ثواب کے لیے دعا اور فاتحہ خوانی کی گئی۔

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریونیو) محمد اقبال سنگھیڑا کی زیر صدارت اہم اجلاس

پلز پراجیکٹ آبادی دیہہ سروے کے انتظامی امور پر بریفنگ دی گئی



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریونیو) سیالکوٹ محمد اقبال سنگھیڑا کی صدارت میں حکومت پنجاب کی جانب سے پلز پراجیکٹ آبادی دیہہ سروے کے سلسلہ میں انتظامی امور پر شرکاء کو بریفنگ دی گئی۔ اس موقع پر مختلف انتظامی عہدوں کے آفیسران کو حکومت پنجاب کیجانب سے پلز پراجیکٹ کے مندرجات ٹی اوآرز اور عملی اقدامات بارے آگاہی دیتے ہوئے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل ریونیو سیالکوٹ محمد اقبال سنگھیڑہ نے کہا کہ قانون پر عملداری یقینی بنائی جائے اور خلاف قانون یا اختیارات سے تجاوز سے اجتناب برتیں۔ کاروائی سے قبل باقاعدہ سرکاری ریکارڈ و سروے کر کے بائی لاز کی روشنی میں منظم انداز سے فرائض منصبی کی ادائیگی کیجائے۔ اس دوران کارسرکار میں مداخلت کرنیوالوں کے خلاف سخت قانونی کارروائی کا عندیہ دیا گیا۔

شہریوں کو صاف پانی کی فراہمی کے لئے اقدامات تیز کر دیے گئے



فیصل آباد (ملک بشیر احمد) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر فیصل آباد ڈویژن میں شہریوں کو صاف پانی کی فراہمی کے لئے اقدامات تیز کر دیے گئے ہیں۔ کمشنر فیصل آباد مریم خان کی زیر سرپرستی ڈویژن میں پنجاب صاف پانی اتھارٹی کو متحرک کیا گیا ہے۔ کمشنر مریم خان کی زیر صدارت صاف پانی کی فراہمی کے سلسلے میں اہم اجلاس منعقد ہوا۔ فیصل آباد ڈویژن میں 500 واٹر فلٹریشن پلانٹس مکمل طور پر فعال کر دیئے گئے ہیں جبکہ چاروں اضلاع فیصل آباد، جھنگ، چنیوٹ اور ٹوبہ ٹیک سنگھ میں 160 غیر فعال پلانٹس کی ریویمپنگ کر دی گئی ہے۔ کمشنر مریم خان کی زیر صدارت منعقدہ اس اجلاس میں کھارے پانی کے علاقوں میں 1127 ممکنہ سائٹس پر واٹر فلٹریشن پلانٹس کی تنصیب پر بھی غور کیا گیا۔ کمشنر نے تمام متعلقہ اداروں کو ہدایت کی کہ شہریوں کو صاف پانی کی فراہمی کے لئے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں۔ اُن کا کہنا تھا کہ صاف پانی نہ صرف بیماریوں سے تحفظ فراہم کرتا ہے بلکہ عوام کو ادویات کے اضافی اخراجات سے بھی بچاتا ہے۔ کمشنر نے یہ بھی کہا کہ پلانٹس کی اپ گریڈیشن اور بحالی کے بعد شہریوں کو معیاری پانی دستیاب ہو گا۔ اجلاس میں پنجاب صاف پانی اتھارٹی افسران نے بتایا کہ اب تک فیصل آباد ڈویژن میں 133 واٹر فلٹریشن پلانٹس نصب کیے جا چکے ہیں۔ اجلاس میں چاروں اضلاع کے ڈپٹی کمشنرز نے اپنے اپنے علاقوں میں شہریوں کو صاف پانی کی فراہمی کیلئے کیے گئے اقدامات پر کمشنر کو بریفنگ دی۔

25 ملین گیلن روزانہ پانی کی فراہمی کے فرنچ ٹریٹمنٹ پلانٹ پر جلد کام شروع ہوگا

پراجیکٹ کی تکمیل کے بعد شہر کی مشرقی سائیڈ کی آبادیوں کو صاف پینے کے پانی کی فراہمی میں نمایاں اضافہ ہوگا

فیصل آباد (میاں محمد ساجد) صوبائی پارلیمانی سیکرٹری برائے ہاؤسنگ، اربن ڈویلپمنٹ اینڈ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ بیرسٹر سلطان باجوہ نے کہا ہے کہ 25 ملین گیلن روزانہ پانی کی فراہمی کے فرنچ ٹریٹمنٹ پلانٹ کے میگا پراجیکٹ پر جولائی کے آخری ہفتہ میں کام شروع ہو جائے گا جس کی تکمیل کے بعد شہر کی مشرقی سائیڈ کی آبادیوں کو صاف پینے کے پانی کی فراہمی میں نمایاں اضافہ ہو گا۔ منیجنگ ڈائریکٹر واسا سہیل قادر کے ساتھ میٹنگ کے دوران فارن فنڈڈ پراجیکٹ کے حوالے سے اب تک ہونے والی پیش رفت کا جائزہ لیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ صوبہ بھر کے تمام شہروں میں عوام کو صاف پینے کے پانی کی فراہمی وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا وژن ہے جس کے تحت واسا فیصل آباد کے زیر انتظام سریفس واٹر ٹریٹمنٹ پلانٹ پراجیکٹ فیز ٹو کا جلد آغاز ہونے جا رہا ہے جو کہ خوش آئند ہے۔ صوبائی پارلیمانی سیکرٹری نے مزید کہا کہ واسا فیصل آباد کی کامیابی ہے کہ جب کسی بھی بیرون ممالک کی جانب سے عوامی فلاح و بہبود کا پراجیکٹ شروع کرنے کا آئیڈیا سامنے آتا ہے تو ان کی توجہ فیصل آباد کی جانب ہو جاتی ہے کیونکہ واسا ہیلتھ انجینئرنگ پر اجیکٹ پر انسٹال مشینری کی مرمت وغیرہ بھی انتہائی بہترین طریقے سے کی جاتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر صوبہ بھر میں بند ہونیوالے 1800 سے زائد فلٹریشن پلانٹ بحال کر دیئے گئے جس کا مقصد عوام کو صاف پینے کا پانی فراہم کرنا ہے۔ صوبائی پارلیمانی سیکرٹری نے واضح کیا کہ شہریوں کو ماحولیاتی آلودگی سے نجات کے لئے ڈنماک حکومت کے تعاون سے ویسٹ واٹر ٹریٹمنٹ پلانٹ پر بھی جلد کام شروع ہو جائے گا جس کے لئے تمام تر تیاریاں مکمل کی جا رہی ہیں۔ اس پراجیکٹ سے سیوریج کے پانی کو ٹریٹمنٹ کے بعد کاشتکاری کے استعمال کیا جائے گا۔ ایم ڈی واسا سہیل قادر چیمہ نے کہا کہ فارن فنڈڈ پراجیکٹس کے حوالے سے تمام تر توجہ مرکوز ہے اور طے شدہ ٹائم فریم کے مطابق پراجیکٹس پر کام کا آغاز کر دیا جائے گا اور دونوں فارن فنڈڈ پراجیکٹ عوامی فلاح و بہبود کے لئے کسی تحفہ سے کم نہیں ہیں۔



جبکہ بعد میں پراجیکٹ پر انسٹال مشینری کی مرمت وغیرہ بھی انتہائی بہترین طریقے سے کی جاتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر صوبہ بھر میں بند ہونیوالے 1800 سے زائد فلٹریشن پلانٹ بحال کر دیئے گئے جس کا مقصد عوام کو صاف پینے کا پانی فراہم کرنا ہے۔ صوبائی پارلیمانی سیکرٹری نے واضح کیا کہ شہریوں کو ماحولیاتی آلودگی سے نجات کے لئے ڈنماک حکومت کے تعاون سے ویسٹ واٹر ٹریٹمنٹ پلانٹ پر بھی جلد کام شروع ہو جائے گا جس کے لئے تمام تر تیاریاں مکمل کی جا رہی ہیں۔ اس پراجیکٹ سے سیوریج کے پانی کو ٹریٹمنٹ کے بعد کاشتکاری کے استعمال کیا جائے گا۔ ایم ڈی واسا سہیل قادر چیمہ نے کہا کہ فارن فنڈڈ پراجیکٹس کے حوالے سے تمام تر توجہ مرکوز ہے اور طے شدہ ٹائم فریم کے مطابق پراجیکٹس پر کام کا آغاز کر دیا جائے گا اور دونوں فارن فنڈڈ پراجیکٹ عوامی فلاح و بہبود کے لئے کسی تحفہ سے کم نہیں ہیں۔

ڈی ایس پی اوکاڑہ دانش محمود کی ہدایات کی روشنی میں

دیپالپور میں ٹریفک نظام کی بہتری اور شہریوں کو محفوظ سفر کی سہولت فراہم کرنے کے لیے ایک اہم قدم اٹھایا گیا

دیپالپور (زاہد عمران جنجوعہ سے) وزیر اعلیٰ پنجاب کے وژن محفوظ پنجاب اور ڈی آئی جی ٹریفک پنجاب وقاص نذیر، ڈی پی او اوکاڑہ راشد ہدایت اور ڈی ایس پی اوکاڑہ دانش محمود کی ہدایات کی روشنی میں دیپالپور میں ٹریفک نظام کی بہتری اور شہریوں کو محفوظ سفر کی سہولت فراہم کرنے کے لیے ایک اہم قدم اٹھایا گیا ہے جس کے تحت انسپکٹر ٹریفک رانا محسن کی قیادت میں دیپالپور بھر میں موٹر سائیکل سواروں کے لیے سائیڈ مرر زکی تنصیب کا عمل جاری ہے۔ اس اقدام کا مقصد نہ صرف سڑکوں پر پیش آنے والے حادثات کی روک تھام کرنا ہے بلکہ شہریوں کو ڈرائیونگ کے دوران اردگرد کی صورتحال سے باخبر رکھ کر ان کی حفاظت کو یقینی بنانا بھی ہے۔ سائیڈ مررز جیسے سادہ مگر مؤثر آلے کے ذریعے حادثات کی شرح میں واضح کمی آسکتی ہے جو شہریوں کی قیمتی جانوں کے تحفظ میں کلیدی کردار ادا کرتا ہے۔ عوام الناس کی جانب سے ٹریفک پولیس کے اس مثبت اور عملی اقدام کو خوب سراہا جا رہا ہے اور شہریوں نے ٹریفک پولیس کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس طرح کے اقدامات نہ صرف سفر کو محفوظ بناتے ہیں بلکہ مجموعی طور پر ٹریفک کے نظام کو بھی بہتر بنانے میں مددگار ثابت ہوتے ہیں

حافظ آباد اور گردونواح میں ہونے والی بارش سے موسم خوشگوار ہو گیا

ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کے ملازمین شہر کے مختلف علاقوں میں بارشی پانی کے نکاس اور صفائی ستھرائی کے کاموں میں مصروف رہے

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) حافظ آباد اور گردو نواح میں ہونے والی بارش سے موسم خوشگوار ہو گیا۔ روڈ، کسوکی روڈ، علی پور روڈ سمیت دیگر گلی، محلوں اور سڑکوں پر جمع بارشی پانی کو نکالنے میں مصروف رہے۔ ڈپٹی کمشنر حافظ آباد عبدالرزاق کی ہدایت پر میونسپل کمیٹی اور ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کے ملازمین شہر کے مختلف علاقوں میں بارشی پانی کے نکاس اور صفائی ستھرائی کے کاموں میں مصروف رہے۔ چیف آفیسر میونسپل کمیٹی اکرام اللہ سندھو کی نگرانی میں سینٹری ورکرز اور دیگر ملازمین شہر میں ہونے والی بارش کے اپنی کے نکاس کے لیے کاموں میں مصروف رہے۔ میونسپل کمیٹی اور ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کے ملازمین سکرمشینوں، موٹروں اور دیگر مشینری کے ذریعے گوجرانوالہ روڈ، ساگر روڈ، جلالپور



ڈپٹی کمشنر حافظ آباد کا کہنا تھا کہ حالیہ مون سون بارشوں کے پیش نظر اندرون شہر کے بڑے سیوریج نالوں کی صفائی کروائی گئی ہے تاہم میونسپل کمیٹی اور ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کے افسران اور ملازمین کو الرٹ رہنے کی ہدایت کی گئی ہے اور اس سلسلہ میں انہیں واضح ہدایات جاری کی گئی ہیں کہ کسی بھی علاقے، گلی، محلے یا سڑکوں پر بارشی پانی جمع ہونے کی شکایت موصول نہ ہو۔ میونسپل کمیٹی کی تمام مشینری اور ملازمین کو زیر استعمال لاتے ہوئے نکاسی آب اور صفائی ستھرائی کے کاموں کو ہر ممکن طریقے سے یقینی بنایا جائے۔

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کسان کارڈ کے دوسرے مرحلہ پر بھرپور عملدرآمد جاری

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کسان کارڈ کے دوسرے مرحلہ پر بھرپور عملدرآمد جاری ہے۔ ضلع چنیوٹ کے اعداد وشمار کے مطابق دوسرے مرحلے کا ہدف 20337 ہے اور کسان کارڈ تقسیم کے لئے 3 سنٹر قائم ہیں۔ محکمہ زراعت توسیع کو 8161 کسان کارڈ موصول ہو چکی ہیں اور اب تک 7332 کسان کارڈز کاشتکاروں میں تقسیم ہو چکے ہیں۔ عوام دوست حکومت کے کسان دوست اقدام سے نہ صرف کسان خوشحال بلکہ پنجاب بھی خوشحال ہوگا۔

رینالہ میں شدید بارشوں کے باوجود نکاس آب کا مثالی اقدام

سی او ٹھل ہما فاطمہ شدید بارش میں نکاس آب کے لئے متحرک رہیں

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) رینالہ میں شدید بارشوں کے باوجود نکاس آب کا مثالی اقدام، سی او ٹھل ہما فاطمہ شدید بارش میں نکاس آب کے لئے متحرک رہیں۔ تفصیلات کے مطابق رینالہ خورد میں گذشتہ رات اور علی الصبح شدید بارش ہوئی جس سے سڑکوں گلیوں اور بازاروں میں کئی کئی فٹ پانی کھڑا ہو گیا جس پر سی او میونسپل کمیٹی رینالہ خورد ٹھل ہما فاطمہ اسسٹنٹ کمشنر انعم علی خان کی زیر نگرانی سینٹری انسپکٹر شوکت مسیح اور پوری ٹیم کے ہمراہ نشیبی علاقوں میں خود ورک کرتی ہوئی دیکھائی دیں۔ ٹھل ہما فاطمہ نے مسلسل چار سے پانچ گھنٹوں میں موثر اقدامات اور بہترین حکمت عملی سے پورے شہر سے بارش کا پانی کلیئر کروا دیا جس سے شہریوں کو کسی بھی قسم کی پریشانی کا سامنا نہیں کرنا پڑا۔ ریکارڈ توڑ بارش کے باوجود بروقت نکاس آب پر شہریوں نے سی او میونسپل کمیٹی رینالہ خورد ٹھل ہما فاطمہ سے اظہار تشکر کیا ہے۔

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل حافظ محمد عمر طیب کا واٹر ڈسپوزل سٹیشن کی ورکنگ کا جائزہ

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید جاوید کی ہدایت پر بارشی پانی کے فوری نکاس کے لیے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل حافظ محمد عمر طیب کا واٹر ڈسپوزل سٹیشن کی ورکنگ کا جائزہ، انہوں نے 2/4 ایل ڈسپوزل سٹیشن میں مون سون بارشوں کے دوران نکاسی آب کے عمل کا جائزہ لیا اور بارشی پانی کی نکاسی کے لیے ڈسپوزل سٹیشن کو مکمل طور پر آپریشنل رکھنے کے احکامات جاری کی ہے انہوں نے کہا کہ ڈسپوزل سٹیشن پر تمام عملہ موجود رہیں اور بارشی پانی کی نکاسی کے لیے ڈسپوزل سٹیشن کی تمام موٹرز چلو رکھی جائیں، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل حافظ محمد عمر طیب نے بے نظیر روڈ سے پانی کے انخلاء کے لیے ڈی واٹرنگ سسٹم کی ورکنگ کا جائزہ لیا اور عوامی سہولت کو مدنظر رکھتے ہوئے بارشی پانی کو فوری طور پر روڈ سے کلیئر کر دیا گیا اس موقع پر انہوں نے کہا کہ مون سون بارشوں کے دوران بارشی پانی کی فوری انخلاء کے عمل کو مسلسل سے جاری رکھا جائے گا۔

جعل سازی اور ملاوٹ کے خاتمے کیلئے زیرو ٹالرنس پالیسی اپنائی جا رہی ہے

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ میں وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی ہدایات پر جعل سازی اور ملاوٹ کے خاتمے کیلئے زیرو ٹالرنس پالیسی اپنائی جا رہی ہے جس کے تحت کسی بھی مصالحے بنانے والا بڑا یونٹ پکڑا گیا ہے۔ ڈی جی فوڈ اتھارٹی کے مطابق معروف برانڈز کے نام سے سرخ مرچوں کی غیر قانونی پیکنگ کی جا رہی تھی۔ فوڈ سیفٹی ٹیم نے کھلے مصالحے، پیکنگ میٹریل اور مشینری ضبط کر لی۔ جعل سازی کرنے پر ملزمان کیخلاف تھانہ صدر میں ایف آئی آر درج کروا دی گئی۔

موسلا دھار بارش نے میونسپل کمیٹی چنیوٹ کی کارکردگی کا پول کھول دیا

شہر کی سڑکیں اور محلے ندی نالوں کا منظر پیش کرنے لگیں بارشی پانی سرکاری دفاتروں میں داخل ہو گیا



چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) موسلا دھار بارش نے میونسپل کمیٹی چنیوٹ کی کارکردگی کا پول کھول دیا شہر کی سڑکیں اور محلے ندی نالوں کا منظر پیش کرنے لگیں بارشی پانی سرکاری دفاتروں میں داخل ہو گیا شہر کے نشیبی علاقے زیر آب آ گئے تفصیلات کے مطابق چنیوٹ شہر اور گردونواح کے علاقوں میں ہونے والی موسلا دھار بارش نے دس سالہ ریکارڈ توڑ دیا شاہراہ قائداعظم، کچہری روڈ، گرلز کالج روڈ، جھنگ روڈ، مدرسۃ اللبنات روڈ، معظم شاہ روڈ، پیر س روڈ، فیصل آباد روڈ اور دیگر علاقوں میں سیوریج سسٹم بند ہونے کے باعث کئی کئی فٹ پانی کھڑا ہو گیا بارش کا پانی سرکاری دفاتروں میں بھی داخل ہو گیا جبکہ نشیبی علاقے زیر آب آ گئے بارش کے باعث متعدد علاقوں میں بجلی کا نظام بھی درہم برہم ہو گیا دس گھنٹے گزر جانے کے باوجود بارش کا پانی نہ نکالا جا سکا جس پر مقامی افراد نے احتجاج کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز سے نوٹس لینے کا مطالبہ بھی کیا دوسری طرف میونسپل کمیٹی چنیوٹ کے ایڈمنسٹریٹر واقع عباس اور چیف آفیسر مظفر بیگ کے زیر نگرانی ویسٹ مینجمنٹ کا عملہ اور گاڑیاں نشیبی علاقوں میں پانی نکالنے میں مصروف عمل ہے۔

سیم نالے میں دو میڈیکل کے طلبہ سمیت تین طلبہ موٹر سائیکل اور بائیکل سمیت گر گئے

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) حافظ آباد میں علی پور روڈ پر واقع سیم نالے میں دو میڈیکل کے طلبہ سمیت تین طلبہ موٹر سائیکل اور بائیکل سمیت گر گئے جنہیں علاقہ مکینوں نے تگ و دو کر کے نکال لیا جبکہ موٹر سائیکل اور سائیکل کئی گھنٹے گزرنے کے بعد ریسکیو کے عملہ نے نکالی۔ تفصیلات کے مطابق علی پور روڈ واقع سیم نالہ کا پل عرصہ دراز سے ٹوٹا پڑا ہے جس کی وجہ سے نالہ کھلا رہتا ہے اور یہاں پر کسی بھی وقت کوئی بڑا ناخوشگوار واقعہ پیش آسکتا ہے۔ گزشتہ روز گجرات یونیورسٹی میں زیر تعلیم دو میڈیکل کے طلبہ جو موٹر سائیکل پر سوار تھے وہ اس نالہ میں گر گئے اور کچھ دیر بعد ایک مدرسہ کا طالبعلم یہاں گر گیا جنہیں علاقہ مکینوں نے تگ و دو کر کے نکال لیا۔



اوکاڑہ کے نواح میں ڈاکوؤں اور پولیس کے درمیان فائرنگ کے نتیجے میں دو ڈاکو ہلاک

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ کے نواح میں ڈاکوؤں اور پولیس کے درمیان فائرنگ کے نتیجے میں دو ڈاکو ہلاک جبکہ دو ڈاکو فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق آتشیں اسلحہ سے مسلح چار نامعلوم ڈاکو شہری سے موٹر سائیکل، نقدی اور موبائل فون چھین کر فرار ہو گئے۔ اطلاع ملتے ہی تھانہ صدر دیپالپور کے ایس ایچ او اختر خاں نے اپنی ٹیم کے ہمراہ تعاقب کیا تو قلعہ جوند سنگھ کے قریب ڈاکوؤں نے دیکھتے ہی پولیس پر اندھا دھند فائرنگ کر دی پولیس کی جوابی فائرنگ سے دو خطرناک ڈاکو اجمل عرف لارا اور شاہد ہلاک ہو گئے۔ جبکہ دو ڈاکو فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے۔ ہلاک ہونے والے ڈاکو پولیس کو 30 سنگین مقدمات میں مطلوب تھے پولیس نے علاقہ کو گھیرے میں لیکر فرار ہونے والے ڈاکوؤں کی تلاش شروع کر دی ہے۔

تھانہ ونیکے تارڑ پولیس کا رات گئے ڈاکوؤں سے آمنا سامنا، پولیس مقابلہ

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) صدر سرکل پولیس حافظ آباد 5 روز میں تین پولیس مقابلے، سی سی ڈی کے بعد پنجاب پولیس میں جرائم پیشہ افراد کیخلاف کارروائیوں میں تیزی آگئی، پنجاب پولیس حافظ آباد کے یکے بعد دیگر پولیس مقابلے، 5 روز قبل میں رامکے قلعہ کے قریب پولیس مقابلے کے بعد فرار ہوتے بلال، وقاص نامی دو ڈاکو ٹریفک حادثے میں ہلاک ہو گئے، گزشتہ دو روز قبل ممنا پل پر پولیس مقابلے میں عثمان نامی سکنہ سانھل ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار ہوا، جبکہ گزشتہ رات تھانہ ونیکے تارڑ پولیس کا ڈاکوؤں سے مقابلہ ہو گیا ملا حانوالا کے قریب دریائے چناب کے بیلہ میں ملزمان کی تلاش کے لیے جانے والی پولیس پارٹی سے 4 ڈاکوؤں کا آمنا سامنا ہو گیا اور فائرنگ کا تبادلہ ہو گیا فائرنگ رکنے پر زخمی حالت میں ڈاکو محمد جنید نامی سکنہ راجن پور حال مقیم جاگو گرفتار، جو تھانہ ونیکے تارڑ پولیس کو مقدمہ میں مطلوب تھا جس مقدمہ تھانہ ونیکے تارڑ میں مختلف دفعات کے تحت درج کر لیا گیا ہے۔

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کسان کارڈ کے دوسرے مرحلہ پر بھرپور عملدرآمد جاری

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کسان کارڈ کے دوسرے مرحلہ پر بھرپور عملدرآمد جاری ہے۔ ضلع چنیوٹ کے اعداد وشمار کے مطابق دوسرے مرحلے کا ہدف 20337 ہے اور کسان کارڈ تقسیم کے لئے 3 سنٹر قائم ہیں۔ محکمہ زراعت توسیع کو 8161 کسان کارڈ موصول ہو چکی ہیں اور اب تک 7332 کسان کارڈز کاشتکاروں میں تقسیم ہو چکے ہیں۔ عوام دوست حکومت کے کسان دوست اقدام سے نہ صرف کسان خوشحال بلکہ پنجاب بھی خوشحال ہوگا۔

رینالہ میں شدید بارشوں کے باوجود نکاس آب کا مثالی اقدام

سی او ٹھل ہما فاطمہ شدید بارش میں نکاس آب کے لئے متحرک رہیں

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) رینالہ میں شدید بارشوں کے باوجود نکاس آب کا مثالی اقدام، سی او ٹھل ہما فاطمہ شدید بارش میں نکاس آب کے لئے متحرک رہیں۔ تفصیلات کے مطابق رینالہ خورد میں گذشتہ رات اور علی الصبح شدید بارش ہوئی جس سے سڑکوں گلیوں اور بازاروں میں کئی کئی فٹ پانی کھڑا ہو گیا جس پر سی او میونسپل کمیٹی رینالہ خورد ٹھل ہما فاطمہ اسسٹنٹ کمشنر انعم علی خان کی زیر نگرانی سینٹری انسپکٹر شوکت مسیح اور پوری ٹیم کے ہمراہ نشیبی علاقوں میں خود ورک کرتی ہوئی دیکھائی دیں۔ ٹھل ہما فاطمہ نے مسلسل چار سے پانچ گھنٹوں میں موثر اقدامات اور بہترین حکمت عملی سے پورے شہر سے بارش کا پانی کلیئر کروا دیا جس سے شہریوں کو کسی بھی قسم کی پریشانی کا سامنا نہیں کرنا پڑا۔ ریکارڈ توڑ بارش کے باوجود بروقت نکاس آب پر شہریوں نے سی او میونسپل کمیٹی رینالہ خورد ٹھل ہما فاطمہ سے اظہار تشکر کیا ہے۔

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر فنانس اینڈ پلاننگ چوہدری عبدالجبار گجر کا 1/4 ایل میں ڈسپوزل اسٹیشن کی ورکنگ کا جائزہ

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر فنانس اینڈ پلاننگ چوہدری عبدالجبار گجر کا 1/4 ایل میں ڈسپوزل اسٹیشن کی ورکنگ کا جائزہ، انہوں نے بارشی پانی کی نکاسی کے لیے ڈسپوزل سٹیشن کو مکمل طور پر آپریشنل رکھنے کی ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ شہر بھر کہ بارشی پانی کی نکاسی کے لیے ڈسپوزل سٹیشن کی تمام موٹریں مکمل طور پر چالو رکھی جائیں اور انہیں لسلسل سے جاری رکھنے کے لیے بجلی کی فراہمی کے لیے جنریٹرز کا بھی مکمل بندوبست رکھا جائے اور ڈیوٹی پر مامور عملہ ڈسپوزل سٹیشن کی موثر انداز میں مانیٹرنگ کرے، انہوں نے کہا کہ ڈسپوزل اسٹیشن تک پہنچنے والی سیوریج لائنز کی بھی چیکنگ کا عمل جاری رکھا جائے اور ان کی تواتر سے صفائی ستھرائی کی جائے تاکہ مون سون بارشوں کے پانی کی نکاسی کے عمل کو بخوبی سرانجام دیا جا سکے

مبینہ پولیس مقابلہ دوران ڈکیتی ڈاکو ساتھیوں کی فائرنگ سے انجام کو پہنچ گیا

شاہدرہ کالا خطائی روڈ پر کالا خطائی کے قریب سی سی ڈی اور ڈاکوؤں کے درمیان مبینہ پولیس مقابلہ ہوا

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) سی سی ڈی سرکل مرید کے کا مبینہ پولیس مقابلہ دوران ڈکیتی ڈاکو ساتھیوں کی فائرنگ سے انجام کو پہنچ گیا تفصیل کے مطابق شاہدرہ کالا خطائی روڈ پر کالا خطائی کے قریب سی سی ڈی اور ڈاکوؤں کے درمیان مبینہ پولیس مقابلہ ہوا نارنگ پولیس اور سی سی ڈی سرکل مرید کے پولیس تھانہ نارنگ کو مطلوب اشتہاری ملزم اسد کی گرفتاری کیلئے جا رہی تھی کہ کالا خطائی انٹرچینج کے قریب ڈاکو لوٹ مار کر رہے تھے جنہوں نے پولیس کو دیکھ کر مبینہ فائرنگ کر دی ڈاکوؤں اور پولیس کے درمیان فائرنگ کے نتیجے میں ایک ڈاکو ساتھیوں کی فائرنگ سے ہلاک جبکہ ساتھی فرار ہو گئے پولیس نے ہلاک ہونے والے ڈاکو کی نعش کو پوسٹمارٹم کیلئے ہسپتال منتقل کر دیا ہے جبکہ فرار ہونے والے ڈاکوؤں کے تعاقب کیلئے ٹیمیں تشکیل دے دی ہیں تا حال ہلاک ہونے والے ڈاکو کی شناخت نہیں ہو سکی۔

گوجرانوالہ پولیس کی شاندار کاروائی :05 منشیات فروش پولیس کے شکنجے میں

ملزمان کے قبضہ سے 5 کلو 430 گرام ہیروئن اور 740 گرام چرس برآمد، مقدمات درج



گوجرانوالہ (نوید بخاری قوت بیورو) سٹی پولیس آفیسر محمد ایاز سلیم نے ضلع بھر میں منشیات فروشوں کے خلاف سخت کاروائیاں کرنے کے احکامات جاری کر رکھے ہیں۔ انہی احکامات کے پیش نظر ایس ایچ او تھانہ کینٹ انسپکٹر غاذی عدنان اعجاز، تھانہ دھلے سب انسپکٹر عمران اوجلہ، تھانہ سیٹلائٹ ٹاؤن انسپکٹر ضیافت علی بلوچ، تھانہ کھیالی انسپکٹر محمد یوسف و دیگران پر مشتمل پولیس ٹیموں نے دوران گشت و ناکہ بندی اور تلاش بدرویہ گان اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے پانچ منشیات فروشوں کو گرفتار کر لیا۔ تھانہ کینٹ پولیس نے منشیات فروش کبیر احمد سے ایک کلو چار سو ساٹھ گرام ہیروئن، تھانہ دھلے پولیس نے منشیات فروش جاوید بٹ سے ایک کلو چار سو دس گرام ہیروئن اور منشیات فروش سلیمان سے سات سو چالیس گرام چرس، تھانہ سیٹلائٹ ٹاؤن پولیس نے منشیات فروش ارسلان عرف ثانی سے ایک کلو تین سو بیس گرام ہیروئن، تھانہ کھیالی پولیس نے منشیات فروش عدنان لطیف سے ایک کلو دو سو چالیس گرام ہیروئن برآمد کر لی۔ دوران تفتیش ملزمان نے انکشاف کیا کہ وہ دوسرے اضلاع سے منشیات لاتے اور ضلع بھر میں فروخت کرتے تھے۔ ملزمان سے مزید تفتیش جاری ہے۔ سماجی و سیاسی تنظیموں اور علاقے کے معتبرین کا پولیس کو خراج تحسین۔ اس موقع پر سٹی پولیس آفیسر محمد ایاز سلیم نے کہا ہے کہ نوجوان نسل کے محفوظ مستقبل کیلئے منشیات فروشوں کے گرد گھیرا تنگ کرنا ناگزیر ہے۔ سی پی او نے اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کرنے پر ایس ایچ او تھانہ کینٹ، ایس ایچ او تھانہ دھلے، ایس ایچ او سیٹلائٹ ٹاؤن، ایس ایچ او تھانہ کھیالی اور انکی پولیس کی ٹیموں کو شاباش

روزنامہ ''قوت'' لاہور (7) جمعۃ المبارک 11 جولائی 2025ء

''قوت'' کلاسیفائیڈ
روزنامہ قوت
042-3636003

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں مگر اشتہار کے غیر حقیقی ہونے یا کسی بھی اشتہار کے غیر ذمہ داری قبول نہیں کرتا، اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہوئے چاہئیں کٹے پھٹے اور مٹھکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

042-3636003

نتیجہ — **1**

شوہر کا خون ارمانوں کی سیج کا خون، بیوی کے قاتلوں کے خلاف تحفظ اور سلاخوں شمع افروز کی اپیل پر تبصرہ جاری ہے۔ خوم نے اس بات پر زور دیا کہ بھارتی حمایت یافتہ دہشت گردی کے خلاف عالمی برادری کو سخت گیر پالیسی اپنانی چاہیے۔ ان خیالات کا اظہار وائٹ ہاؤس پریس سیکرٹری کیرولین لیوٹ نے کیا۔ انہوں نے کہا کہ امریکہ پاکستان کے ساتھ مل کر ہر اس شخص کو انصاف کے کٹہرے میں لائے گا جو اس بزدلانہ حملے میں ملوث ہے۔ انہوں نے کہا کہ امریکہ اس حملے کی شدید مذمت کرتا ہے اور پاکستان کے ساتھ کھڑا ہے۔ انہوں نے کہا کہ امریکہ پاکستان کے ساتھ مل کر اس حملے کے ذمہ داروں کو انصاف کے کٹہرے میں لائے گا۔ انہوں نے کہا کہ امریکہ پاکستان کے ساتھ مل کر اس حملے کے ذمہ داروں کو انصاف کے کٹہرے میں لائے گا۔

نتیجہ — **2**

ملک کے مختلف حصوں میں قیامِ آزادی کے والے ملک کو غیر مستحکم کرنا چاہتے ہیں اور آصف علی زرداری کی صدارت کو کمزور کرنا چاہتے ہیں اور آصف علی زرداری کی بعض پالیسیاں خیالات کا اظہار کیا۔ انہوں نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ہم نے امریکا اور بیرونِ ملک پاکستانیوں کو بتایا کہ ہم نے کیا کیا ہے، کہ ہم نے صدر آصف علی زرداری کی قیادت میں ایٹمی پروگرام کا دفاع کیا، کہ ہم نے صدر آصف علی زرداری کی قیادت میں جمہوریت کا پرچم بلند رکھا، وہ جمہوریت جو بینظیر بھٹو شہید کی قربانی کے بعد آئی تھی، ہم نے اس

ڈاکٹر عثمان انور دوران ڈیوٹی زخمی ہونیوالے اہلکاروں کے علاج معالجے کیلئے پرعزم

آئی جی پنجاب نے لاہور سمیت مختلف اضلاع کے زخمی اہلکاروں کو طبی اخراجات کی ادائیگی کیلئے مزید 33 لاکھ 50 ہزار روپے کی رقم جاری کر دی

پولیس غازیوں کا بہترین علاج معالجہ، جلد از جلد بحالی اولین ترجیح ہے اور غازی اہلکاروں کی بہترین ہیلتھ و ویلفیئر کیلئے کوئی کسر نہ اٹھا رکھی جائے، گفتگو

لاہور (خبر نگار) آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے لاہور سمیت مختلف اضلاع کے زخمی اہلکاروں کو طبی اخراجات کی ادائیگی کیلئے مزید 33 لاکھ 50 ہزار روپے فنڈز جاری کر دیئے ہیں۔ زخمی پاکستان غازی فلائم مصطفیٰ کو طبی اخراجات کیلئے 03 لاکھ روپے جاری کیے گئے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ زخمی کانسٹیبل محمد رضوان کو میڈیکل اخراجات، زخمی کانسٹیبل محمد امین کو علاج معالجے کیلئے 15 لاکھ روپے فنڈز جاری کیے گئے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ زخمی کانسٹیبل محمد رضوان کو میڈیکل اخراجات، زخمی کانسٹیبل محمد امین کو علاج معالجے کیلئے 03 لاکھ روپے